باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت وزارت اطلاعات ونشریات حکومت پاکستان ABC CERTIFIED

روزنامہ آئینہ کوئٹہ

Daily AAINA Quetta

قیمت 5 روپے

بانی: منصور الہدیٰ عباسی

ریذیڈنٹ ایڈیٹر: فہیم الزمان ملاخیل

چیف ایڈیٹر عامر امیر اعوان

ایڈیٹر فیصل کریم

03332831889 Daily.aaina94@gmail.com

جلد نمبر 30 | بروز بدھ 26 اگست 2026، 1447 ہجری | قیمت 05 روپے | شمارہ نمبر 228


# قزاقوں کی تاوان دینے کی بات نہیں مانی جاسکتی، اسحاق ڈار

قزاقوں کی تاوان دینے کی بات نہیں مانی جاسکتی، عالمی قوانین ہیں کہ مغویوں کو تاوان دے کر نہیں چھڑوا سکتے، قزاقوں کو اس طرح پیسے ملنے شروع ہوگئے تو وہ یہی کام جاری رکھیں گے

قزاقوں کے ہاتھوں پھنسے 10 پاکستانیوں کی رہائی کے لیے کوششیں کر رہے ہیں جن کی تفصیلات ابھی نہیں بتائی جاسکتیں، کوشش ہے کسی بھی طریقے سے ملاحوں کو چھڑایا جائے

لندن (جی این ایم) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے واضح کیا ہے کہ قزاقوں کی تاوان دینے کی بات نہیں مانی جاسکتی۔ میڈیا سے گفتگو میں نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ صومالیہ میں بحری قزاقوں کے ہاتھوں یرغمال بنے پاکستانی ملاحوں کی واپسی چار ماہ سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود تاحال ممکن نہیں ہوسکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اہل خانہ تاحال پریشان ہیں، یقین دہانیوں کے بجائے عملی اقدامات کیے

بقیہ 1 صفحہ 3 پر

## اپوزیشن عدم اعتماد لائے گی تو اسے سہولت فراہم کریں گے، سپیکر قومی اسمبلی

وزیر اعظم یا اسپیکر کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک لانا اپوزیشن کا حق ہے، اگر اپوزیشن عدم اعتماد کی تحریک لائے گی تو اسے سہولت فراہم کریں گے

یہ فورم اپنے اپنے علاقوں کے مسائل پر بات کرنے کے لیے ہے، اسے خالی چھوڑنا مناسب نہیں، اپوزیشن نے پارلیمنٹ میں قانون سازی سے متعلق اتحاد کیا ہے جو اچھی چیز ہے

اسلام آباد (جی این ایم) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ وزیر اعظم یا اسپیکر کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک لانا اپوزیشن کا حق ہے، اگر اپوزیشن عدم اعتماد کی تحریک لائے گی تو اسے سہولت فراہم کریں گے۔ پارلیمنٹ کے احاطے میں زیتون کا پودا لگانے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سردار ایاز صادق نے کہا کہ اسپیکر کی ذمے داری نہیں کہ ایوان کا کورم مکمل

بقیہ 2 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے نومنتخب افسران سے خطاب کر رہے ہیں

# وزیر اعلیٰ: بی آر اے معاشی مستقل مدد کلیدی کردار ادا کرے گی

وزارتِ اعلیٰ کا منصب سنبھالنے کے روز اول ہی بلوچستان کے عوام سے وعدہ کیا تھا کہ سرکاری ملازمتیں فروخت نہیں ہوں گی اور بھرتیوں میں میرٹ کو ہر صورت مقدم رکھا جائے گا، وزیر اعلیٰ بلوچستان

سرکاری ملازمتیں فروخت نہیں ہوں گی اور بھرتیوں میں میرٹ کو ہر صورت مقدم رکھا جائے گا، پاکستان ہی ہماری پہچان ہے اور فرائض کی انجام دہی میں ریاست کو ہر سطح پر مقدم رکھنا ضروری ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں ہائر ایجوکیشن کمیشن کے ذریعے 19 افسران کی میرٹ پر تعیناتی کا عمل مکمل ہوگیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نومنتخب افسران میں تقرری کے لیٹرز تقسیم کیے اور انہیں مبارکباد دیتے

بقیہ 3 صفحہ 3 پر

## ضلع زیارت میں منگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن پر دہشت گرد حملہ

عدالتی انکوائری کمیشن نے معلومات و شہادتیں جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع

کوئٹہ (بی پی آئی) ضلع زیارت میں منگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن پر دہشت گرد حملے اور پولیس اہلکاروں کی قیمتی جانوں کے المناک نقصان کے حوالے سے عدالتی انکوائری مندرجہ بالا موضوع کے حوالے سے مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 24.08.2026 کو معزز انکوائری کمیشن، جو ضلع زیارت میں منگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن پر دہشت گرد

بقیہ 4 صفحہ 3 پر

## 2 سے 3 ممالک ہی پاکستان کے دشمن ہیں، بھارت سرفہرست ہے، حنیف عباسی

2 سے 3 ممالک ہی پاکستان کے دشمن ہیں، باقی نہیں، جن میں بھارت سرِ فہرست ہے، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی

وہ سیاسی مخالفت کرتے تو کوئی بات نہیں تھی لیکن انہوں نے آپ کی ذات پر کیچڑ اچھالا۔ میرے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں

اسلام آباد) اے این این (وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا ہے کہ 2 سے 3 ممالک ہی پاکستان کے دشمن ہیں، باقی نہیں، جن میں بھارت سرِ فہرست ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ دشمن ممالک میں اسرائیل اور افغانستان بھی شامل ہیں۔ حنیف عباسی کا کہنا ہے کہ مولانا فضل رحمٰن میرے لیے قابلِ احترام ہیں، ان سے کہوں گا

بقیہ 5 صفحہ 3 پر

اسلام آباد، وزیر داخلہ محسن نقوی و دیگر اراکین قومی اسمبلی اجلاس کے دوران گفتگو کر رہے ہیں

## پاکستان، بیلاروس کے درمیان سائنسی و تکنیکی تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق

پاکستان اور بیلاروس کے درمیان مشترکہ سائنسی و تحقیقی منصوبوں پر عملدرآمد تیز کیا جائے گا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (بی پی آئی) وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی خالد حسین گھمن نے کہا ہے کہ پاکستان اور بیلاروس کے درمیان مشترکہ سائنسی و تحقیقی منصوبوں پر عملدرآمد تیز کیا جائے گا، دونوں ممالک کے درمیان معیارات، کوالٹی انفراسٹرکچر اور حلال سرٹیفکیشن سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید مستحکم کیا جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان میں تعینات بیلاروس کے سفیر آندرے میٹلیتسا سے ملاقات کے دوران کیا۔

بقیہ 6 صفحہ 3 پر

## نجی میڈیکل کالجز میں 18 سے 21 لاکھ روپے سالانہ فیس مقرر کی گئی ہے، پارلیمانی سیکرٹری

پاکستان کے ڈاکٹرز آج دنیا میں اچھا نام ہیں، بڑے نظام میں شکایات ہوتی ہیں، ہمیں شکایات آئی ہیں

اسلام آباد (بی پی آئی) پارلیمانی سیکرٹری قومی صحت ڈاکٹر نیلسن تھیم نے قومی اسمبلی کو بتایا ہے کہ نجی میڈیکل کالجز میں 18 سے 21 لاکھ روپے سالانہ فیس مقرر کی گئی ہے، اس سے زائد فیس وصولی پر 45 اداروں کو شوکاز نوٹس جاری کیے گئے ہیں۔ آسیہ ناز تنولی اور دیگر کے اسلام آباد کیمیڈیکل کالجز اور نجی ہسپتالوں میں بہت زیادہ فیسوں اور چارجز سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس کے جواب میں پارلیمانی سیکرٹری قومی صحت ڈاکٹر نیلسن

بقیہ 11 صفحہ 3 پر

## علی ڈار سے امریکی قونصل جنرل کی ملاقات، باہمی تعاون کے فروغ پر گفتگو

لاہور (بی پی آئی) مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب علی ڈار سے امریکی قونصل جنرل اسٹیشن سینڈرز نے ملاقات کی جس میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے آئندہ دورہ امریکہ اور پنجاب و امریکہ

بقیہ 7 صفحہ 3 پر

## کوئٹہ، بلوچستان میں ٹرانسپورٹ کی ممکنہ معطلی، شہریوں کو سفر سے گریز کی ہدایت

سکیورٹی خدشات کے پیش نظر 25 اور 26 اگست کو جعفر ایکسپریس بھی معطل، سفر سے قبل تصدیق کی اپیل

کوئٹہ (بی پی آئی) بلوچستان میں سکیورٹی کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر ٹرانسپورٹ سروسز معطل رہنے کا امکان ہے، جس کے باعث حکام نے شہریوں کو غیر ضروری سفر سے گریز کرنے کی ہدایت کی ہے۔ مسافروں کو تاحکم ثانی مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ کسی بھی پریشانی سے بچنے کے لیے اپنا سفر شروع کرنے سے قبل متعلقہ انتظامیہ اور ٹرانسپورٹ

بقیہ 8 صفحہ 3 پر

## روس، آن لائن شاپنگ کمپنی کے گوداموں پر ڈرون حملے، 3 بچے ہلاک، متعدد زخمی

ماسکو (بی پی آئی) روس کی دوسری بڑی آن لائن ریٹیل کمپنی اوزون کے کئی لاجسٹک مراکز کو یوکرینی ڈرون حملوں میں نشانہ بنایا گیا جس کے بعد مختلف علاقوں میں گوداموں میں آگ لگ گئی اور

بقیہ 10 صفحہ 3 پر

## دالبندین، غیر قانونی طور پر سرحد عبور کرنے کی کوشش ناکام، 13 افغان شہری گرفتار

سرحدی علاقوں میں سکیورٹی مزید سخت، غیر قانونی آمد و رفت اور انسانی اسمگلنگ برداشت نہیں ہوگی، سکیورٹی حکام

دالبندین (بی پی آئی) دالبندین غیر قانونی سرحد عبور کرنے کی کوشش ناکام، 13 افغان شہری گرفتار سرحدی نگرانی مزید سخت، سکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 13 افغان شہری حراست میں کوئٹہ سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع چاغی کے علاقے دالبندین میں کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر سرحد عبور کرنے کی کوشش کرنے والے 13 افغان شہریوں کو گرفتار کر لیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی کے دوران مشتبہ افراد کو

بقیہ 9 صفحہ 3 پر

اسلام آباد، اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی سے قومی اسمبلی اجلاس میں ارکان اسمبلی گفتگو کر رہے ہیں

## پاکستان، بیلاروس کے درمیان سائنسی و تکنیکی تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق

پاکستان اور بیلاروس کے درمیان مشترکہ سائنسی و تحقیقی منصوبوں پر عملدرآمد تیز کیا جائے گا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (بی پی آئی) وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی خالد حسین گھمن نے کہا ہے کہ پاکستان اور بیلاروس کے درمیان مشترکہ سائنسی و تحقیقی منصوبوں پر عملدرآمد تیز کیا جائے گا، دونوں ممالک کے درمیان معیارات، کوالٹی انفراسٹرکچر

## قومی اسمبلی اجلاس، اراکین کا لوڈشیڈنگ کے مسئلہ کو حل کرنے کیلئے جامع اقدامات کا مطالبہ

پرائیویٹ ممبرز ڈے کو نکتہ ہائے اعتراض کیلئے مختص کرنے پر اپوزیشن کو بھی اعتماد میں لیا جائے، عالیہ کامران

اسلام آباد (بی پی آئی) قومی اسمبلی کے اراکین نے ملک کے مختلف حصوں میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کے مسئلہ کو حل کرنے کیلئے جامع اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ منگل کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی سعد

بقیہ 12 صفحہ 3 پر

## وفاق اور صوبے میں ریلوے نظام کی بحالی کے لیے فریم ورک معاہدے پر دستخط

معاہدے کے تحت خیبر پختونخوا میں تقریباً 240 کلومیٹر طویل مضافاتی ریلوے لائنوں کو اپ گریڈ کیا جائے گا، وزیر ریلوے

اسلام آباد (بی پی آئی) پاکستان ریلوے اور خیبر پختونخوا حکومت کے درمیان صوبے میں ریلوے نظام کی بحالی، جدید کاری اور علاقائی روابط کے فروغ کے لیے فریم ورک معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ اس حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب

بقیہ 15 صفحہ 3 پر

## کم خطرے والے سیلز ٹیکس درخواست گزاروں کی رجسٹریشن 3 ورکنگ دنوں میں کرنے کی ہدایت

وقت واضح طور پر درج ہوگا جنرل آرڈر میں واضح کیا گیا ہے کہ کوئی عمومی یا مبہم اعتراض نہیں اٹھایا جائے گا

اسلام آباد (بی پی آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے کم خطرے والے درخواست گزاروں کی سیلز ٹیکس رجسٹریشن کو تیز اور مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت کردی ہے اس حوالے سے ایف بی آر کی ریونیو ڈویژن ان

بقیہ 16 صفحہ 3 پر

## چاغی، شے سالار سے گولی لگی لاش برآمد، پولیس کی تحقیقات جاری

چاغی (بی پی آئی) چاغی کے علاقے شے سالار سے ایک شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے جسے نامعلوم افراد نے گولی مار کر قتل کر دیا تھا۔ پولیس نے لاش تحویل میں لے کر ہسپتال منتقل کر دی، جہاں مقتول کی شناخت صدام ولد قادر بخش سکنہ شے سالار کے نام سے ہوئی ہے؛ واقعے کے

بقیہ 13 صفحہ 3 پر

## پاکستان کی پنک سالٹ کی برآمدات 3 کروڑ 60 لاکھ ڈالر تک پہنچ گئیں

اسلام آباد (بی پی آئی) پاکستان کی پنک سالٹ کی برآمدات مالی سال 2026 میں بڑھ کر 3 کروڑ 60 لاکھ ڈالر تک پہنچ گئیں جبکہ برآمدی جم ایک لاکھ 48 ہزار ٹن سے تجاوز کر گیا۔ دیگر ساتھ پاکستان کو دستیاب سرکاری دستاویزات کے مطابق حکومت مصنوعات کی جغرافیائی شناخت، بین

بقیہ 17 صفحہ 3 پر

## ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کا اجلاس، مون سون صورتحال اور قومی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا

متعلقہ اداروں نے اپنے علاقوں میں سیلابی صورتحال، نقصانات اور جاری ریسکیو و ریلیف اقدامات پر بریفنگ دی

اسلام آباد (بی پی آئی) ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کے 16 ویں اجلاس میں ملک بھر کی مون سون صورتحال، موسمی پیش گوئی اور ہائیڈرولوجیکل صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی کا 15 واں اجلاس وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی صدارت میں ہوا تھا، 16 ویں اجلاس کی صدارت وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک نے کی۔ صوبائی حکام

بقیہ 14 صفحہ 3 پر

## حکومت پاک ایران گیس پائپ لائن پر ٹرمپ سے ہم پر عائد پابندی ہٹانے کا کہے، راجہ ناصر عباس

پاک ایران پائپ لائن میں ایران نے مقصوبہ پر کوئی کام کر لیا ہے، پابندی کی وجہ سے پاکستان کی طرف سے پیشرفت نہیں ہوئی

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا ہے کہ پاک ایران پائپ لائن کیلئے حکومت ڈونلڈ ٹرمپ سے کہے ہم پر پابندی نہ لگاؤ۔ منگل کو سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ وزیر پیٹرولیم نے کہا تھا کہ ایران گیس پائپ لائن میں نقصان ہے اسے نہیں بنائیں گے، ہم نے کہا اگر منصوبہ قابل عمل نہیں تھا تو صدر سے کیوں دستخط کرائے تھے، 20 سال قبل گیس پائپ

بقیہ 18 صفحہ 3 پر

## ملک میں اسمارٹ میٹرز کی تنصیب سے متعلق تفصیلات سینیٹ میں پیش

تمام ڈسکوز میں مجموعی طور پر 21 لاکھ 25 ہزار 296 سمارٹ میٹرز نصب کیے گئے ہیں، وزارت توانائی

اسلام آباد (بی پی آئی) ملک میں اسمارٹ میٹرز کی تنصیب سے متعلق تفصیلات سینیٹ اجلاس میں پیش کردی گئیں۔ منگل کو پریذائڈنگ افسر شہادت اعوان کی زیر صدارت سینیٹ کا اجلاس ہوا، جس میں وزارت توانائی نے اسمارٹ میٹرز کی تنصیب سے متعلق تحریری جواب ایوان میں جمع کرایا۔ وزارت کے مطابق تمام ڈسکوز میں مجموعی طور پر 21 لاکھ 25 ہزار 296 سمارٹ میٹرز نصب کیے گئے ہیں۔ وزارت توانائی کے تحریری جواب کے مطابق لیسکو نے سب سے زیادہ 11 لاکھ 53 ہزار 556 سمارٹ میٹرز نصب کیے ہیں، جبکہ گیپکو میں 3 لاکھ 48 ہزار 135 اور میپکو میں 2 لاکھ 29 ہزار 719 سمارٹ میٹرز نصب کیے گئے ہیں۔ تحریری جواب کے مطابق آئیسکو نے ایک لاکھ 19 ہزار 372 سمارٹ

بقیہ 21 صفحہ 3 پر

## غیرت کے نام پر قتل کے مقدمے میں راضی نامہ بھی ملزم کو ضمانت کا حق نہیں دیتا، عدالت

قانون یا مذہب کسی شخص کو "غیرت" کے نام پر جان لینے کی اجازت نہیں دیتا، ایسے فعل کو قتل تصور کیا جاتا ہے، جسٹس فرہاد علی شاہ

لاہور (بی پی آئی) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس سید فرہاد علی شاہ کا غیرت کے نام پر قتل کے مقدمہ کا اہم فیصلہ، جسٹس سید فرہاد علی شاہ نے غیرت کے نام پر 18 سالہ لڑکی کو قتل کرنے کے مقدمے میں راضی نامہ مسترد کرتے ہوئے 2 ملزمان کی ضمانت کی درخواستیں خارج کر دیں۔ جسٹس سید فرہاد علی شاہ نے قرار دیا کہ غیرت کے نام پر قتل کے مقدمے میں راضی نامہ بھی ملزم کو ضمانت کا حق نہیں دیتا، قانون کسی شخص کو غیرت کے نام پر کسی کی جان لینے کی اجازت نہیں دیتا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس سید فرہاد علی شاہ نے قرار دیا ہے کہ غیرت کے نام پر قتل کے مقدمے میں فریقین کے درمیان سمجھوتہ یا مدعی اور گواہوں کا اپنے سابقہ

بقیہ 22 صفحہ 3 پر

## امریکی پابندیوں کا مکمل مقابلہ کرنے کیلئے تیار ہیں، ایرانی وزیر معیشت

ہم معاشی مشکلات سے انکار نہیں کرتے، لیکن اس مشکل مرحلے سے بھی گزر جائیں گے، فاطمہ مہاجرانی

تہران (بی پی آئی) ایرانی وزیر معیشت سید علی مدنی زادہ نے امریکا کی جانب سے ایران پر نئی اقتصادی پابندیوں کے اعلان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ امریکی پابندیوں کا مکمل مقابلہ کرنے کیلئے تیار ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایرانی وزیر معیشت نے کہا کہ امریکا ہماری مالیاتی شریانیں نہیں کاٹ سکتا۔ اس کے علاوہ ایرانی حکومت کی ترجمان فاطمہ مہاجرانی نے امریکی پابندیوں کے نئے اقدامات پر ردعمل دیتے ہوئے

بقیہ 23 صفحہ 3 پر

## ضرورت پڑی تو ایران کیخلاف مسلح کارروائیاں کی جائیں گی، امریکی وزیر دفاع

واشنگٹن (بی پی آئی) امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگستھ نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف حملے بند نہیں کیے، ضرورت پڑی تو مسلح کارروائیاں کی جائیں گی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق وشنگٹن میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے آبنائے ہرمز پر مکمل امریکی کنٹرول اور

بقیہ 19 صفحہ 3 پر

## پاکستان اور نیپال کے درمیان براہ راست پروازیں بحال ہونی چاہئیں، بیرسٹر دانیال

براہ راست فضائی رابطے سے عوامی روابط، تجارت اور سیاحت کو فروغ دینے کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، پارلیمانی سیکرٹری

اسلام آباد (بی پی آئی) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات و نشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان اور نیپال کے درمیان براہ راست پروازیں بحال ہونی چاہئیں۔ پاکستان، نیپال، بھوٹان پارلیمانی فرینڈشپ گروپ کا اجلاس پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں منعقد ہوا جس کی صدارت گروپ کے کنوینر و رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر مہیش کمار ملانی نے کی۔ اجلاس میں پاکستان اور نیپال کے درمیان دوطرفہ تعلقات، تجارتی روابط اور باہمی تعاون کے فروغ سمیت مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر وفاقی

بقیہ 20 صفحہ 3 پر

لاہور: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن لاہور مال روڈ دھرنے کے مقام پر پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ، ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن بشیر احمد بزنجو پریس کانفرنس کر رہے ہیں

## اوتھل، گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول میں مستحق طلبہ کے لیے یونیفارم تقسیم کی تقریب

**طلبہ ملک کا روشن مستقبل ہیں، ان کو بہترین تعلیمی ماحول کی فراہمی مشترکہ ذمہ داری ہے، سید سومار شاہ**

اوتھل (پی پی آئی) گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل میں طلبہ کی حوصلہ افزائی اور مستحق طلبہ کی معاونت کے لیے یونیفارم تقسیم کرنے کی تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں چیئرمین میونسپل کمیٹی اوتھل سید سومار شاہ کاکھی، وائس چیئرمین محمد وسیم خاصخیلی، چیئرمین پی ٹی ایس ایم سی، اے ٹی وی نیوز کی رپورٹر میڈم ذکیہ جتوئی اور ممبر پی ٹی ایس ایم سی عبدالحق سومرو نے شرکت کی۔ معزز مہمانوں نے طلبہ میں یونیفارم تقسیم کیے اور اسکول کے مختلف شعبوں کا دورہ کر کے تعلیمی و ہم نصابی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر مہمانوں نے کہا کہ طلبہ ملک کا مستقبل ہیں، انہیں بہتر تعلیمی ماحول اور بنیادی سہولیات کی فراہمی معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے اسکول انتظامیہ کی تعلیمی، تخلیقی اور ہم نصابی سرگرمیوں کو سراہا۔ پرنسپل محمد سلیم سرپرہ نے کہا کہ طلبہ کی فلاح و بہبود اور معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے معاشرے کے تمام طبقات کا تعاون ضروری ہے۔

کوئٹہ، بلوچستان پشتون بیلٹ میونسپل ایکشن الائنس کے صدر راج پرابھو، عاصل آکاش، وکی بھٹی، رمیز بھٹی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

## کوئٹہ، تاجر برادری ٹیکس کی ادائیگی سے گریزاں نہیں، نظام منصفانہ اور قابلِ عمل بنایا جائے، کاشف حیدری

**نئی ٹیکس اسکیم پر تاجر کاروباری حالات کے مطابق فیصلہ کریں، پیچیدہ طریقہ کار ختم کیا جائے، مرکزی تنظیم تاجران**

کوئٹہ (پی پی آئی) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے کہا ہے کہ تاجر برادری ٹیکس ادا کرنے سے گریزاں نہیں، تاہم ضروری ہے کہ ٹیکس کا نظام تاجروں کی حقیقی آمدن، کاروباری حالات اور زمینی حقائق کے مطابق ہو۔ ہر تاجر اپنی آمدن کے مطابق ٹیکس ریٹرن جمع کرائے اور قانون کے تحت جتنا ٹیکس بنتا ہے، وہ ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ ٹیکس نظام کے تحت باقاعدگی سے گوشوارے جمع کرانے والے تاجر اسی طریقہ کار کے مطابق اپنی ریٹرن فائل کر سکتے ہیں، جبکہ نئی ٹیکس اسکیم کے دائرے میں آنے والے تاجر اس کی شرائط اور اپنے کاروباری حالات کو سامنے رکھتے ہوئے فیصلہ کریں کہ ان کے لیے کون سا طریقہ زیادہ مناسب ہے۔ کاشف حیدری نے کہا کہ نئی اسکیم میں ٹرن اوور کی بنیاد پر ایک فیصد ٹیکس اور کم از کم 25 ہزار روپے ٹیکس کی شرط رکھی گئی ہے، اس لیے تاجروں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنی کاروباری صورتحال کا درست اندازہ لگاتے ہوئے ٹیکس کے حوالے سے فیصلہ کریں۔ ہماری نظر میں اصل اہمیت اس بات کی ہے کہ تاجر اپنی حقیقی آمدن ظاہر کرے، ٹیکس ریٹرن جمع کرائے اور اپنی ذمہ داری کے مطابق ٹیکس ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ تاجروں کے مسائل صرف انکم ٹیکس تک محدود نہیں بلکہ سیلز ٹیکس، ود ہولڈنگ ٹیکس اور دیگر مختلف ٹیکسز کے حوالے سے بھی کاروباری طبقے

## اوتھل، ڈپٹی کمشنر حمیر البلوچ کی ہدایت پر سوشل ویلفیئر آفس میں شجرکاری مہم کا آغاز

اوتھل (پی پی آئی) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حمیر البلوچ کی خصوصی ہدایت پر ضلع لسبیلہ میں شجرکاری مہم کے سلسلے میں سوشل ویلفیئر آفس اوتھل کے احاطے میں پودے لگا کر باقاعدہ شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا گیا۔ اس موقع پر سوشل ویلفیئر آفیسر اوتھل عبدالصمد روڈجو اور تحصیل احمد قمر نے پودے لگائے۔ شجرکاری کے موقع پر حوالدار عبدالحق خاصخیلی بھی موجود تھے۔ اس موقع پر سوشل ویلفیئر آفیسر اوتھل عبدالصمد روڈجو نے کہا کہ درخت ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے، ماحول کو سرسبز و شاداب بنانے اور آنے والی نسلوں کے لیے صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

## لوئر باڑیاں لیراں ٹائیں کے مقام پر مسافر بس گہری کھائی میں جا گری، 3 افراد جاں بحق

مری (پی پی آئی) لوئر باڑیاں لیراں ٹائیں کے مقام پر مسافر بس گہری کھائی میں جا گری، حادثے میں 3 افراد جاں بحق اور 17 زخمی ہو گئے، مزید ہلاکتوں کا خدشہ ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق بس میں 20 سے زائد مسافر سوار تھے، اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 مری کی امدادی ٹیمیں جائے حادثہ کی جانب روانہ ہوئیں۔ ریسکیو 1122 خیبر پختونخوا کی اطلاع پر مری کی امدادی ٹیموں کو بھی متحرک کر دیا گیا، حادثے کی نوعیت کے پیش نظر ریسکیو کی اضافی نفری اور امدادی وسائل بھی روانہ کر دیے گئے۔

## آزاد کشمیر اسمبلی، طارق فاروق سپیکر، احمد رضا قادری ڈپٹی سپیکر منتخب، حلف اٹھالی

مظفر آباد (پی پی آئی) مسلم لیگ (ن) کے طارق فاروق آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے سپیکر اور احمد رضا قادری نے بطور ڈپٹی سپیکر حلف اٹھالیا۔ آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں سپیکر کے لیے پولنگ کے عمل میں مسلم لیگ ن کے طارق فاروق 32 ووٹ لیکر سپیکر منتخب ہوئے ہیں۔ اسی طرح ڈپٹی سپیکر کے انتخاب میں مسلم لیگ (ن) کے احمد رضا قادری 32 ووٹ لے کر کامیاب قرار پائے۔۔

## بولان، سیرت النبیؐ پوری انسانیت کے لیے مکمل ضابطہ حیات ہے، میر فرید خان رئیسانی

**نبی کریمؐ نے جہالت و ظلم کا خاتمہ کر کے مساوات، عدل اور احترام انسانیت کا درس دیا**

بولان (پی پی آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما میر فرید خان رئیسانی نے کہا ہے کہ نبی کریم کی ولادت باسعادت تاریخ انسانیت کا ایک عظیم روشن باب ہے آپ کی آمد نے انسانیت کو جہالت ظلم اور اخلاقی پستی کے اندھیروں سے نکال کر توحید عدل رحمت اور حسن اخلاق کی روشن راہ دکھائی انہوں نے کہا کہ آپ نے اپنی پوری زندگی انسانوں کو اللہ تعالیٰ کی بندگی باہمی محبت عدل و انصاف اخوت اور امن کا درس دیا آپ کا اسوہ حسنہ آج بھی پوری انسانیت کیلئے بہترین نمونہ اور ہدایت کا سرچشمہ ہے انہوں نے کہا کہ آپ کی ولادت باعث ہے ربیع الاول مسلمانوں کو نبی کریم کی سیرت طیبہ اور تعلیمات نبوی کو یاد کرنا ہی زندگی کی اصل روشنی ہے آج ہمارا قلم ہماری کتاب اور ہمارا میڈیا اسی روشنی کا سفیر ہے انہوں نے کہا کہ نبی کریم کی ولادت باسعادت کا ایک نہایت اہم پہلو یہ ہے کہ آپ نے انسان کی قدر و منزلت کا معیار تبدیل کر دیا آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے عزت والا وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے یہ اعلان انسانی مساوات اخلاقی ذمہ داری اور تقویٰ پر مبنی معاشرے کی بنیاد ہے۔

## خنجراب پاس کے ذریعے پاک چین تجارت اور برآمدات میں نمایاں اضافہ

**عالمی منڈیوں میں رسائی بڑھنے سے برآمدات اور اقتصادی سرگرمیوں کو مزید فروغ ملنے کی توقع ہے**

اسلام آباد (پی پی آئی) خنجراب پاس کے ذریعے پاک چین تجارتی سرگرمیوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، جس سے پاکستانی مصنوعات کی چین اور وسطی ایشیائی ممالک کی منڈیوں تک رسائی میں وسعت اور تجارتی روابط میں مزید استحکام آ رہا ہے۔ پاکستان کسٹمز کے مطابق مالی سال 2025-26 کے دوران خنجراب پاس کے ذریعے چین سے درآمدات پر 15 ارب روپے کا ریکارڈ ریونیو حاصل کیا گیا جبکہ گزشتہ مالی سال کے دوران یہ ریونیو 13.6 ارب روپے تھا۔ پاکستان کسٹمز حکام کے مطابق خنجراب پاس کے ذریعے چین اور وسطی ایشیائی ممالک کو 2.8 ارب روپے مالیت کی پاکستانی مصنوعات بھی برآمد کی گئیں۔ ٹرانسپورٹس انٹرنیشنل روٹرز نظام کے تحت پاکستانی برآمدات میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ ڈی آئی آر ایک عالمی کسٹمز ٹرانزٹ نظام ہے جو مختلف ممالک کے درمیان سامان کی نقل و حمل کو تیز، محفوظ اور آسان بنانے میں معاونت فراہم کرتا ہے۔ خنجراب پاس کے ذریعے برآمد کی جانے والی پاکستانی مصنوعات میں جراحی سامان، ملبوسات، چاول، چمڑے کی مصنوعات، قالین، پھل، سبزیاں

## لوئر باڑیاں لیراں ٹائیں کے مقام پر مسافر بس گہری کھائی میں جا گری، 3 افراد جاں بحق

مری (پی پی آئی) لوئر باڑیاں لیراں ٹائیں کے مقام پر مسافر بس گہری کھائی میں جا گری، حادثے میں 3 افراد جاں بحق اور 17 زخمی ہو گئے، مزید ہلاکتوں کا خدشہ ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق بس میں 20 سے زائد مسافر سوار تھے، اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 مری کی امدادی ٹیمیں جائے حادثہ کی جانب روانہ ہوئیں۔ ریسکیو 1122 خیبر پختونخوا کی اطلاع پر مری کی امدادی ٹیموں کو بھی متحرک کر دیا گیا، حادثے کی نوعیت کے پیش نظر ریسکیو کی اضافی نفری اور امدادی وسائل بھی روانہ کر دیے گئے۔

## صحبت پور، پہنور سنہڑی کے گاؤں سے ٹرانسفارمر چوری، پولیس گشت نہ ہونے سے وارداتوں میں اضافہ

**شہریوں میں خوف و ہراس، ڈی آئی جی نصیر آباد اور ایس پی صحبت پور فوری نوٹس لیں، اہل علاقہ**

صحبت پور (پی پی آئی) صحبت پور میں پولیس کی مبینہ عدم توجہی اور گشت میں کمی کے باعث جرائم میں شدید اضافہ ہو گیا ہے۔ تحصیل پہنور سنہڑی میں پولیس تھانے کی حدود کے گاں حاجی شاہ فیصل گاجانی سے نامعلوم چور 50 کے وی کے ٹرانسفارمر سے کوائل اور دیگر قیمتی سامان نکال کر با آسانی فرار ہو گئے، جس سے علاقے میں چوری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر شہری شدید پریشان ہیں۔ مقامی افراد کے مطابق پولیس چیک پوسٹ کی بندش اور گشت نہ ہونے کی وجہ سے جرائم پیشہ عناصر کو کھلی چھوٹ مل چکی ہے اور مکینوں میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا ہے۔ شہریوں نے ڈی آئی جی نصیر آباد رینج اور ایس پی صحبت پور سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ وہ علاقے میں امن و امان کی خراب صورتحال کا فوری نوٹس لیں اور پولیس گشت بحال کر کے چوری کی وارداتوں کا سدباب کریں۔

## کوئٹہ، سرانان بازار میں مزدوروں پر فائرنگ بزدلانہ عمل ہے، سردار علی رضا یوسفزئی

**حکومت ملوث عناصر کو گرفتار کر کے سخت سزا دے اور متاثرہ خاندانوں کی مالی معاونت کرے، سماجی و قبائلی رہنما**

کوئٹہ (پی پی آئی) سماجی و قبائلی رہنما سردار علی رضا یوسفزئی نے سرانان بازار میں مزدوروں پر فائرنگ کے افسوسناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ روزی روٹی کی تلاش میں نکلنے والے بے گناہ محنت کشوں کو نشانہ بنانا انتہائی بزدلانہ اور انسانیت سوز عمل ہے۔ انہوں نے واقعے میں جاں بحق ہونے والے مزدوروں کے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں وہ متاثرہ خاندانوں کے ساتھ برابر کے شریک ہیں، جبکہ زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا گو ہیں۔ سردار علی رضا یوسفزئی نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کو سبوتاژ کرنے اور معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ حکومت واقعے میں ملوث عناصر کو فوری گرفتار کر کے قانون کے مطابق سخت سزا دے اور متاثرہ خاندانوں کی ہر ممکن مالی معاونت کی جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور مزدوروں سمیت تمام شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات مزید یقینی بنائے جائیں۔ سردار علی رضا یوسفزئی نے کہا کہ ایسے بزدلانہ حملوں سے بلوچستان کے عوام کے حوصلے پست نہیں کیے جا سکتے۔ قوم دہشت گردی کے خلاف متحد ہے اور

بی این پی کے رہنما آغا حسن بلوچ اور دیگر ملک فیصل سے ان کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

## کوئٹہ، پاکستان ریلوے ورکرز یونین کا ڈویژنل انجینئر سے رابطہ، 21 ماہ سے بند تنخواہوں کا مسئلہ اٹھا دیا

کوئٹہ (پی پی آئی) پاکستان ریلوے ورکرز یونین کوئٹہ ڈویژن کے ایک اہم وفد نے صدر شیر محمد بلوچ اور جنرل سیکرٹری محمد سلیم سرپرہ کی قیادت میں ڈویژنل انجینئر شاہ نواز سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں گیٹ کیپروں کی گزشتہ 21 ماہ سے بند تنخواہوں کا سنگین معاملہ تفصیلاً پیش کیا گیا اور بتایا گیا کہ طویل عرصے سے ادا نہ ہونے کے باعث ملازمین کے اہل خانہ شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں۔ ڈی ای این شاہ نواز نے مسئلے کو بغور سنتے ہوئے تنخواہوں کی فوری ادائیگی کے لیے ہر ممکن اقدامات کی مکمل یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر وفد نے ریلوے کالونی میں

## پنجاب فوڈ اتھارٹی کا آئسکریم برانڈ کی ڈسٹری بیوشن پر جرمانہ عائد

لاہور (پی پی آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی رابعہ منصور احمد نے شاہدرہ میں کارروائی کرتے ہوئے معروف آئسکریم برانڈ کی ڈسٹری بیوشن بند کر دی اور 10 لاکھ روپے جرمانہ عائد کر دیا، کارروائی کے دوران فور سٹار ڈسٹری بیوشن سے 3 ہزار کلو ایکسپائر آئسکریم برآمد کر کے موقع پر تلف کر دی گئی۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے مطابق ایکسپائر آئسکریم منفی 22 ڈگری سینٹی گریڈ درجہ حرارت پر فریش سٹاک کے ساتھ رکھی گئی تھی جبکہ تلف کی گئی آئسکریم گزشتہ سال نومبر میں ایکسپائر ہو چکی تھی۔ رابعہ منصور احمد نے بتایا کہ ناقص آئسکریم فریش سٹاک کے ساتھ

## حج پورٹل کے ذریعے پرائیویٹ حج اسکیم کی بکنگ کوٹہ مکمل ہونے تک جاری ہے، وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (پی پی آئی) وزارت مذہبی امور نے کہا ہے کہ حج پورٹل کے ذریعے پرائیویٹ حج اسکیم کی بکنگ کوٹہ مکمل ہونے تک جاری ہے۔ وزارت مذہبی امور کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا کہ حج آپریشن مکمل ڈیجیٹل بنانے کی حکومتی پالیسی کے مثبت نتائج سامنے آئیں گے۔ اعلامیے کے مطابق سرکاری حج اسکیم کیلئے مختص نشستیں صرف چھ روز میں مکمل ہوئیں، 20 تا 25 روز و شارٹ حج پیکج کی نشستیں پہلے 24 گھنٹے کے اندر مکمل ہوئیں۔ اعلامیے میں بتایا گیا کہ لانگ حج

## بھاگ، ادویات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے سے غریب اور متوسط طبقہ شدید پریشان

**مہنگی ادویات نے علاج معالجہ مشکل بنا دیا، حکومت جان بچانے والی ادویات سستی کرے، شہریوں کا مطالبہ**

بھاگ (پی پی آئی) ادویات کی قیمتوں میں اضافے کے باعث غریب اور متوسط طبقے کے مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے جبکہ علاج معالجہ پہلے ہی مہنگا ہونے کے بعد بیماری کی صورت میں ادویات کی خریداری عام آدمی کے لیے اضافی مالی بوجھ بن گئی ہے بھاگ شہر اور گرد و نواح کے شہریوں نے ادویات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت اور متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے شہریوں کا کہنا ہے ایک طرف مہنگائی نے گھریلو بجٹ کو شدید متاثر کر رکھا ہے تو دوسری جانب مختلف بیماریوں میں استعمال ہونے والی ادویات کی قیمتوں میں اضافے نے مریضوں اور ان کے اہل خانہ کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے عوامی حلقوں کے مطابق خصوصاً ایسے مریض جو مستقل ادویات پر ادویات استعمال کرتے ہیں ان کے ماہانہ اخراجات میں نمایاں اضافہ ہو چکا ہے محدود آمدنی رکھنے والے افراد کے لیے گھر کے بنیادی اخراجات پورے کرنا بہت ہی مشکل ہو چکا ہے

کوئٹہ، رکن صوبائی اسمبلی و خادم وائٹک حاجی میر زابد علی ریکی سے تحصیل ہنگ کے سیاسی و قبائلی رہنما نصیر اللہ محمد ساسولی ملاقات کر رہے ہیں

## گندانہ، 12 ربیع الاول کے سلسلے میں میونسپل کمیٹی نے صفائی ستھرائی کے خصوصی انتظامات تیز کر دیے

**جلوس کے روٹس کی صفائی میں غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، شہری عملے سے تعاون کریں، ڈاکٹر جاوید اختر جمالی**

گندانہ (پی پی آئی) چیئرمین میونسپل کمیٹی گندانہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی کی خصوصی ہدایات پر بارہ ربیع الاول کے سلسلے میں میونسپل کمیٹی گندانہ عملے نے صفائی ستھرائی کے خصوصی انتظامات مکمل کرنے کے لیے عملی اقدامات تیز کر دیے ہیں، میونسپل کمیٹی کے سینٹری اسٹاف اور دیگر عملہ شہر میں بارہ ربیع الاول کے جلوس کے مقررہ روٹس، اہم شاہراہوں اور گزرگاہوں کی صفائی میں مصروف ہے، جبکہ جلوس کے راستوں سے کچرے، مٹی اور دیگر آلائشوں کو مشینری کے ذریعے ہٹایا جا رہا ہے تاکہ جلوس کے شرکا کو صاف ستھرا اور سازگار ماحول فراہم کیا جا سکے، چیئرمین میونسپل کمیٹی گندانہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے کہا کہ صفائی نصف ایمان ہے اور گندانہ سٹی کو صاف، شفاف اور خوبصورت رکھنا میونسپل کمیٹی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ بارہ ربیع الاول مسلمانوں کے لیے انتہائی عقیدت و احترام کا دن ہے، اس مقدس موقع پر جلوس کے روٹس کی صفائی اور شہری سہولیات کی فراہمی میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، انہوں نے کہا کہ میونسپل کمیٹی گندانہ عوامی خدمت کے جذبے کے تحت شہر کی صفائی ستھرائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ بارہ ربیع الاول کے جلوس کے دوران بھی صفائی کے عملے کو متحرک رکھا جائے گا تاکہ جلوس کے راستوں پر صفائی کا معیار برقرار رہے اور شہریوں و جلوس کے

پشتونخوا میپ کے مرکزی ڈپٹی چیئرمین عبدالرؤف لالا کی قیادت میں وفد جمعیت نظریاتی کے دفتر مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی سے ملاقات کر رہے ہیں

## کوئٹہ، صوبے میں بدامنی اور ٹارگٹ کلنگ کے واقعات حکومتی ناکامی کا ثبوت ہیں، جے یو آئی

**چیک پوسٹوں اور سیکیورٹی دعووں کے باوجود قاتل آزاد، عوام کا تحفظ یقینی بنایا جائے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق**

کوئٹہ (پی پی آئی) جمعیت علما اسلام صوبائی نائب امیر و ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد ہزاری، مفتی محمد ابوبکر، ڈیجیٹل میڈیا کوارڈینیٹر عبدالباری شہزاد، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی اور حاجی عطا محمد شمشوزئی نے کہا ہے کہ شہر کے گلی کوچوں میں قاتل اور راہزن دندناتے پھر رہے ہیں شہریوں کی جان و مال محفوظ نہیں۔ کوئٹہ میں بے گناہ شہریوں اور سرانان میں نہتے مزدوروں سمیت دیگر اغوا کاروں میں آئے روز بے گناہ عوام کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات حکومت اور انتظامیہ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قتل و غارت گری اور بدامنی کا مسلسل بڑھتا ہوا سلسلہ اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ حکومتی رٹ عملاً کمزور ہو چکی ہے عوام کو جان و مال کا تحفظ فراہم کرنے کے بنیادی فریضے میں حکومت اور انتظامیہ کی ناکامی انتہائی افسوسناک اور قابل تشویش ہے۔ ٹارگٹ کلنگ کے بڑھتے ہوئے واقعات کے باوجود عملی اقدامات کا فقدان اور حکام کی خاموشی عوام میں بے چینی اور اضطراب کو مزید بڑھا رہی ہے۔

## سیالکوٹ یونیورسٹی کے طلبا و طالبات نے قومی اسمبلی اجلاس کی کارروائی دیکھی

اسلام آباد (پی پی آئی) سیالکوٹ یونیورسٹی کے طلبا و طالبات کے وفد نے منگل کو قومی اسمبلی کے اجلاس کی کارروائی دیکھی۔ قومی اسمبلی اجلاس کی کارروائی دیکھنے کے لئے مہمانوں کی گیلری میں آمد پر ڈپٹی سپیکر سید غلام مصطفیٰ شاہ نے ان کو خوش آمدید اور ارکان نے ڈیسک بجا کر ان کا خیر مقدم کیا۔

## کراچی، اورنگی ٹاؤن میں دھوکے سے بلایا گیا شخص فائرنگ سے شدید زخمی

کراچی (پی پی آئی) کراچی کے علاقے اورنگی ٹاؤن میں فائرنگ سے ایک شخص شدید زخمی ہو گیا۔ پولیس کے مطابق اورنگی ٹاؤن سیکٹر ساڑھے 11 میں کار پر فائرنگ سے ایک شخص شدید زخمی ہوا ہے جس کی شناخت یاسر کے نام سے ہوئی ہے جو گارڈن کا رہائشی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ یاسر سیکٹر ساڑھے 11 سندھی گوٹھ میں آیا تھا اور گاڑی کھڑی کر کے گلی میں گیا تو نامعلوم شخص نے اسے گولی مار دی۔ پولیس کے مطابق زخمی یاسر نے بتایا کہ اسے

## بیلا، سردار روئیدار خان روڈجو کی قیادت میں وفد کی ڈی آئی جی اور ایس پی لسبیلہ سے اہم ملاقات

**لسبیلہ سے 80 پولیس اہلکاروں کے نوشکی و خاران تبادلے پر تشویش، احکامات کی منسوخی کا پرزور مطالبہ**

بیلا (پی پی آئی) سردار روئیدار خان روڈجو کی قیادت میں وفد کی ڈی آئی جی اور ایس پی لسبیلہ سے ملاقات لسبیلہ سے 80 اہلکاروں کے نوشکی و خاران تبادلے پر تشویش کا اظہار، آرڈر منسوخ کرنے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق منگل کے روز سردار روئیدار خان روڈجو کی قیادت میں ایس ایس پی آفس اوتھل میں ڈی آئی جی لسبیلہ ڈویژن عبدالقیوم پنانی اور ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ چندرانی سے ملاقات کی وفد میں سردار زادہ عبدالحفیظ روڈجو، پریا مرس اللہ بچایا روڈجو، سابق ڈی ایس پی ملک عبدالستار روڈجو، روڈجھا برادری حب کی معروف شخصیت محمد بخش روڈجو، سردار زادہ ذوالفقار روڈجو اور نوازامین روڈجو شامل تھے ملاقات میں لسبیلہ کے امن و امان کی مجموعی صورتحال سمیت لسبیلہ سے 80 مقامی پولیس افسران و اہلکاروں کے نوشکی اور خاران تبادلے کے معاملے پر تفصیلی گفتگو ہوئی وفد نے ڈی آئی جی لسبیلہ ڈویژن عبدالقیوم پنانی کو آگاہ کیا کہ مہنگائی کے موجودہ حالات میں لسبیلہ کے مقامی پولیس افسران و اہلکاروں کا دور دراز اضلاع نوشکی اور خاران تبادلہ انتہائی مشکلات کا باعث بنے گا اس فیصلے سے اہلکاروں کے گھریلو امور، بچوں کی تعلیم اور مالی بوجھ میں اضافہ ہوگا۔۔

## پیپلز پارٹی لسبیلا کے ضلعی صدر وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ کا بیلا، اوتھل اور لاکھڑا کا دورہ

**مختلف مقامات پر تعزیت اور فاتحہ خوانی، سوگوار خاندانوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار**

بیلا (پی پی آئی) پیپلز پارٹی لسبیلا کے ضلعی صدر کا دورہ بیلا اوتھل لاکھڑا میں مختلف جگہوں پر تعزیتیں کیں تفصیل کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی لسبیلا کے نومنتخب ضلعی صدر وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ نے گزشتہ روز موندرہ گوٹھ بیلا میں پی پی پی تحصیل بیلا کے سابق سینیئر نائب صدر کامریڈ عبدالمجید روڈجو کے والد کی وفات لیاری ناگھٹی میں ٹریفک حادثے میں شہید ہونے والے وڈیرہ عبدالرحیم انگاریہ کے فرزند اور پوتے کی رحلت لیاری دبہ میں قادر بخش انگاریہ کے بیٹے کی وفات پر

کوئٹہ، ریلوے کے ڈویژنل انجینئر شاہنواز سے پاکستان ریلوے ورکرز یونین کوئٹہ ڈویژن کے صدر شیر محمد بلوچ، جنرل سیکرٹری محمد سلیم سرپرہ، چیف آرگنائزر سید محمد گلی، حسن خان کھیتران، احتشام عبید کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

## اسلام آباد، چور گرفتار، مال مسروقہ برآمد

اسلام آباد (پی پی آئی) تھانہ بنی گالا پولیس نے گھریلو چوری کی واردات میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزم سے 6 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد کیا گیا۔ ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق ملزم نے گھر میں داخل ہو کر لیپ ٹاپ، طلائی زیورات، گھڑیاں اور دیگر قیمتی اشیا چوری کی تھیں۔

## روہڑی میں 2 گروپوں میں تصادم، ڈنڈوں کا استعمال، فائرنگ، متعدد افراد شدید زخمی

سکھر (پی پی آئی) روہڑی کے کربلا میدان میں بھارہ اور جاگیرانی برادری کے دو گروپوں میں تصادم ہو گیا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ معمولی تنازع پر دونوں گروپوں میں مسلح تصادم ہوا، فائرنگ اور ڈنڈوں کا استعمال کیا گیا، فائرنگ اور اینٹوں کے آزادانہ استعمال سے متعدد افراد زخمی ہو گئے، زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

## صوبے میں جنگل کا قانون، امن نام کی کوئی چیز نہیں ہے، حاجی عنایت اللہ بازئی

**موجودہ صورتحال میں عوام کو مسلسل مشکلات اور عدم تحفظ کا سامنا ہے، حافظ نعمت اللہ**

کوئٹہ (پی پی آئی) جمعیت علمائے اسلام تحصیل بوستان کے امیر حاجی عنایت اللہ بازئی، جنرل سیکرٹری حافظ نعمت اللہ اور کابینہ کے دیگر اراکین نے اپنے مشترکہ بیان میں صوبے میں بڑھتی ہوئی بدامنی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے میں جنگل کا قانون ہے اور امن نام کی کوئی چیز نہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں بدامنی عروج پر پہنچ چکی ہے، آئے روز قتل و غارت، ڈکیتی اور دیگر جرائم کے واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے، جس کے باعث عوام میں شدید خوف و ہراس پایا جاتا ہے۔ جے یو آئی تحصیل بوستان کے رہنماں نے کہا کہ شہری اپنے آپ کو غیر محفوظ سمجھ رہے ہیں جبکہ حکومت عوام کو تحفظ فراہم کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر قابو پانے کے لیے مؤثر اور فوری اقدامات کی ضرورت ہے۔ حاجی عنایت اللہ بازئی اور حافظ نعمت اللہ نے کہا کہ حکومت کی بنیادی ذمہ داری عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا ہے، تاہم موجودہ صورتحال میں عوام کو مسلسل مشکلات اور عدم تحفظ کا سامنا ہے۔

## بلوچستان، افغان مہاجرین کی باوقار واپسی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، نیشنل پارٹی

**میڈیا ٹرائل میں ملوث پارٹی اراکین کو شوکاز نوٹسز جاری، تین دن میں جواب طلب، صوبائی پریس ریلیز**

کوئٹہ (پی پی آئی) نیشنل پارٹی اور بی ایس او کے ترجمان نے صوبائی پریس ریلیز جاری کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ 1979 کے بعد آنے والے تمام افغان مہاجرین کو بلا تفریق نسل و زبان ان کے وطن واپس بھیجا جائے اور ان کی جعلی شہریت و شناختی کارڈ منسوخ کیے جائیں، تاہم 1979 سے قبل آباد تمام اقوام کو بلوچستان کے برابر کا شہری تسلیم کیا جاتا ہے۔ اعلامیے میں تاکید کی گئی کہ پارٹی کے اس اصولی موقف پر کوئی کمپرومائز نہیں کیا جائے گا۔ پریس ریلیز کے مطابق حالیہ دنوں میں پارٹی

## ندر، شکر گوٹھ میں عظیم الشان جشنِ عید میلاد النبی جلسے کا انعقاد

**گھروں کو سجانے والے خوش نصیبوں میں انعامات کی تقسیم، آئندہ بھی حوصلہ افزائی کا اعلان**

ندر (پی پی آئی) جماعت اصلاح المسلمین و روحانی طلبہ جماعت تحصیل سونمیانی ندر ضلع حب کی جملہ برانچز کے مشترکہ تعاون سے شکر گوٹھ ندر میں عظیم الشان جلسہ بسلسلہ جشنِ عید میلاد النبی ﷺ منعقد کیا گیا۔ جس کی میزبانی ڈاکٹر یاسر نے کی جبکہ صدارت خلیفہ سائیں فقیر محمد طاہری نے کی۔ پروگرام کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ جس کے بعد کراچی سے تشریف لائے خصوصی مہمان نعت خواں عبدالحمید طاہری اور محمد نعیم طاہری نے بارگاہ رسالت ﷺ میں عقیدت و محبت کے پھول نچھاور کرتے ہوئے خوبصورت انداز میں نعت خوانی کی۔ جلسہ سے خطاب حضرت علامہ مولانا مفتی سکندر علی انگاریہ طاہری نے کیا۔ جبکہ خصوصی خطاب شیریں زماں فاضل نوجوان حضرت علامہ مولانا حافظ مفتی غلام حسین طاہری تفتہندی نے کیا۔ انہوں نے میلاد النبی ﷺ

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت وزارت اطلاعات ونشریات حکومت پاکستان ABC CERTIFIED

روزنامہ آئینہ کوئٹہ

Daily AAINA Quetta

قیمت 5 روپے

بانی: منصور الہدیٰ عباسی

ریذیڈنٹ ایڈیٹر: فہیم ارمان خیل

چیف ایڈیٹر عامر امیر اعوان

ایڈیٹر فیصل کریم

03332831889 Daily.aaina94@gmail.com

چیف ایڈیٹر و پبلشر عامر امیر اعوان نے روزنامہ آئینہ کوئٹہ سیکٹر پرنٹر پرائیویٹ لمیٹڈ سے چھپوا کر دفتر 9-13/28 پاکستان لائن کواری روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

## کچھ دہشت گرد عناصر، بیرونی آشیر باد

پروفیسر ڈاکٹر جلال عارف

بلوچستان محض نقشے پر پھیلی ایک لکیر یا انتظامی اکائی نہیں، یہ ہماری قومی شناخت کا وہ سنگِ بنیاد ہے جس پر پاکستان کی جغرافیائی سلامتی، معدنی دولت، ساحلی طاقت اور کل کی معاشی خوشحالی کی عمارت استوار ہے۔ یہ دھرتی ان بہادر، خوددار اور محبِ وطن بلوچ بیٹوں کی امانت ہے جنہوں نے تاریخ کے ہر نازک موڑ پر پاکستان کے ساتھ اپنی وفاداری کا لہو سے ثبوت دیا۔ مگر افسوس کہ برسوں سے کچھ دہشت گرد عناصر، بیرونی آشیر باد اور مذموم عزائم کے زیرِ سایہ، اس زرخیز اور پرامن سرزمین کو بارود اور خون میں نہلانے کے درپے ہیں۔ حالیہ مہینوں میں بلوچستان میں دہشت گردی کی لہر نے پوری قوم کے دل کو زخمی کر دیا ہے۔ جعفر ایکسپریس پر بزدلانہ حملہ ہو، بے گناہ مسافروں کو شناخت کی بنیاد پر چن چن کر شہید کیا جانا ہو، یا معزز جج صاحبان، سرکاری اہلکاروں اور سکیورٹی فورسز کے جوانوں کو نشانہ بنایا جانا ہو۔ یہ سب وہ المناک باب ہیں جن کی جتنی بھی مذمت کی جائے، کم ہے۔ دہشت گردوں کا نہ کوئی مذہب ہوتا ہے، نہ قومیت اور نہ انسانیت۔ ان کا واحد مقصد خوف کے سائے پھیلانا، معاشرے میں انتشار بونا اور قومی وحدت کی جڑوں کو کھوکھلا کرنا ہے۔ ان سفاک وارداتوں میں جانیں گنوانے والا ہر پاکستانی محض ایک عدد نہیں بلکہ کسی ماں کی آنکھ کا تارا، کسی بہن کا سائباں، کسی بچے کے سر پر شفقت کا ہاتھ تھا۔ ان کے پسماندگان کا کرب پوری قوم کا اجتماعی درد ہے۔ پاکستان کی مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور بلوچستان پولیس کے جانباز روزانہ اپنے لہو کا نذرانہ پیش کر کے اس دھرتی کے امن کی حفاظت کر رہے ہیں۔ ان کی قربانیاں محض اعداد و شمار نہیں، ہماری قومی تاریخ کا وہ روشن باب ہیں جسے آنے والی نسلیں فخر سے یاد رکھیں گی۔ بلوچستان کا عام شہری امن چاہتا ہے، تعلیم چاہتا ہے، اپنے بچوں کے لیے روشن مستقبل اور خوشحالی چاہتا ہے۔ چند دہشت گرد گروہوں کے سیاہ کرتوتوں کو پورے صوبے یا پوری بلوچ قوم سے منسوب کرنا نہ صرف کھلی ناانصافی ہے بلکہ لاشعوری طور پر دشمن کے مذموم بیانیے کو تقویت دینے کے مترادف بھی ہے۔ ہمیں یہ فرق ہمیشہ ذہن نشین رکھنا ہوگا۔ ریاستِ پاکستان نے بلوچستان کی ترقی اور اس کے نوجوانوں کے تابناک مستقبل کے لیے متعدد ٹھوس اقدامات اٹھائے ہیں۔ ملک بھر کی سرکاری جامعات میں بلوچستان کے طلبہ کے لیے خصوصی نشستیں اور رعایتیں مختص ہیں۔ وفاقی و صوبائی سطح پر بیرونِ ملک اعلیٰ تعلیم کے مواقع، تربیتی و ہنرمندی کے پروگرام اور خصوصی وظائف بھی بلوچستان کے نوجوانوں کو قومی دھارے میں شامل کرنے کے عزم کی گواہی دیتے ہیں۔ بلوچستان کی معاشی اہمیت میں گوادر کی بندرگاہ اور چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کو کلیدی حیثیت حاصل ہے۔ نئی شاہراہیں، موٹرویز، ریلوے روابط، توانائی کے منصوبے اور صنعتی زونز بلوچستان کو قومی معیشت کے ساتھ مضبوطی سے جوڑ رہے ہیں۔ یہی وہ ترقی کا خواب ہے جسے دہشت گرد

## پارک کراچی کے ساحلی علاقے

نسیم انجم

اس پارک کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ یہاں سیر کے لیے کشتیاں موجود ہیں پاکستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہے، لیکن اس بات سے قبل کہ میں پاکستان میں خوشی اور خوشحالی و ترقی کا ذکر کروں تو پہلے میں چھپے ہوئے خزانے کی خوشخبری سنانا چاہتی ہوں، یہ خزانہ بالکل علی بابا چالیس چور کے خزانے کی ہی مانند ہے بس تھوڑا سا ہی فرق ہے وہاں کھل جا سم سم کے الفاظ ادا کرنے پڑتے ہیں اور یہاں خوشگوار سفر کا مرحلہ طے کرنا اور اپنی صحت و سلامتی کی بقا کا راز جاننے کے لیے خوبصورت اور دلکش منظر کا حصہ بننا ضروری ہوتا ہے۔

صحت کے مقابلے میں سونا، چاندی، ہیرے، جواہرات بے معنی اور بے وقعت ہیں، اس کی حقیقت ایک وہ بیمار انسان ہی بتا سکتا ہے جو بستر علالت پر ہو اور لذیذ کھانوں پر پابندی ہو، گھومنے پھرنے، سیر و تفریح کرنے سے معذور ہو۔ دل اس کا مردہ ہوگیا ہو چونکہ بیماری ہے ہی زندگی کی تازگی اور خوشیوں سے محروم کرنے والی۔

اس وقت صحت کے حوالے سے ایک حدیث قدسی یا پھر یہ کہنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ کا جواب حضرت موسیٰ علیہ السلام کے سوال کرنے پر یاد آ گیا ہے۔

ایک دن حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے رب سے عرض کیا کہ اے اللہ! دنیا کی ایسی کون سی قیمتی چیز ہے جو رب سے سب سے پہلے طلب کی جائے؟ رب کریم نے فرمایا، اے موسیٰ! وہ قیمتی اور بیش بہا شے اور جس کا کوئی بدل نہیں وہ ہے صحت۔ بے شک صحت کسی خزانے سے کم نہیں۔

تو پھر آیئے آج ہم آپ کو ایسی ہی جگہ لے جانا چاہتے ہیں جس کے بارے میں لوگ کم ہی جانتے ہیں اور جہاں کی سیر، تندرستی کی ضامن ہے۔ بے شک ہر چیز کا مالک اللہ تعالیٰ ہے خواہ وہ تندرستی ہو یا مال و اسباب، حیات و ممات۔

چند ہی دنوں کی بات ہے جب ماہنامہ اطراف کے چیف ایڈیٹر محمود شام نے اطراف کے لکھاریوں، صحافیوں اور وی لاگرز کو حکومت سندھ کی طرف سے پارک جانے کی خوشخبری سنائی اور ہم نے بڑی توجہ سے سنی۔ چنانچہ ہم سب مقررہ وقت پر PITHM Parking Area پہنچ گئے، چالیس منٹ کا سفر تھا۔ جو چنچل ہواؤں اور موسم کی مہربانی کے باعث پل بھر میں گزر گیا اور اب مینگرو پارک (کورنگی کریک) (ہماری مجسس نگاہوں کے سامنے تھا۔

یہ پارک کراچی کے ساحلی علاقے پر واقع ہے اور سب سے خاص بات یہاں سکون ہی سکون ہے، یہ ساحلی پٹی بحیرہ عرب ڈیلٹا کا حصہ ہے جہاں سمندری اور میٹھا پانی آپس میں ملتے ہیں۔ پارک میں مینگروز) تمر کے جنگلات (کا جال پھیلا ہوا ہے، اس پارک کی اہمیت یہ ہے کہ یہاں گھنے جنگلات ہیں جنھیں مینگروز کہا جاتا ہے، اس کی افادیت کے کئی پہلو ہیں۔ یہ درخت شہر کی آلودگی کو جذب کرتے ہیں اور آکسیجن پیدا کرتے ہیں۔ شاید یہی وجہ ہے کہ اسے کراچی کے قدرتی پھیپھڑے کہا جاتا ہے۔

اس کے علاوہ قدرت کا یہ انمول اور منافع بخش تحفہ ہے جو ساحلی تحفظ کا بہترین ذریعہ ہے۔ وہ اس طرح سے بھی فائدہ مند ہے کہ یہ درخت سمندری طوفانوں، تیز لہروں اور زمین کے کٹاؤ کے خلاف ایک ڈھال کا کام کرتے ہیں۔

جنگلی حیات کا مسکن (Biodiversity) یہ جنگلات مچھلیوں، کیکڑوں اور جھینگوں کی نرسری کہلاتے ہیں۔ اس پارک میں بے شمار سمندری حیات جنم لیتی ہیں، ساتھ میں ہجرت کرنے والے پرندے (Migratory Birds) موسم سرما میں سائبیریا اور دیگر سرد علاقوں سے مینگرو پارک کا رخ کرتے ہیں۔ یہ سیاحوں کے لیے ایک دلفریب منظر ہوتا ہے۔ پرندوں میں بگلے، مرغابیاں، فلیمنگو خاص طور پر مینگروز کو اپنی منزل بنا لیتے ہیں۔

تفریح کرنے والوں کے لیے جنگل کے درمیان میں لکڑی کے خوبصورت راستے بنائے گئے ہیں، جن پر چل کر مینگروز کے درختوں، ان کے پتوں اور بیجوں کو ہاتھ سے چھو کر دیکھ سکتے ہیں، جس کا لطف انوکھا سا محسوس ہوتا ہے اور واک کے مزے کو دوبالا کر دیتا ہے۔ اس پارک کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ یہاں سیر کے لیے کشتیاں موجود ہیں جو سیاحوں کو جنگل کے اندرونی حصوں کی تفریح کے لیے مختص ہیں۔ مینگروز کے درختوں کا شمار عام درختوں میں نہیں کیا جاتا بلکہ یہ ان سے ہٹ کر خاص الخاص ہیں۔

یہ سمندر کے نمکین پانی میں نہ کہ زندہ رہتے ہیں بلکہ تیزی سے پھلتے پھولتے ہیں جب کہ عام درختوں کا نمکین پانی میں زندہ رہنا ناممکن ہے ان کی جڑیں زمین سے باہر ہوا میں نکلی ہوتی ہیں۔ پارک بننے سے پہلے لوگوں کی اکثریت مینگروز کے درختوں کو جھاڑیاں ہی سمجھتے تھے لیکن پارک بننے کے بعد لوگوں کی سوچ بدل گئی ہے۔ جس طرح صوبہ سندھ قدرتی وسائل اور تاریخی عمارتوں، قدیم قبرستانوں اور مساجد کی وجہ سے اپنی شناخت رکھتا ہے، اسی طرح پورا پاکستان اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ انعامات اور قدرتی خزانوں سے مالا مال ہے۔ معدنیات، زرخیز زمین اس میں پیدا ہونے والا اناج، پھل، سبزیاں اللہ کی عطا کردہ نعمتوں کی بیش بہا مثال ہے۔

ان اہم وسائل میں تھر کا کوئلہ، سوئی کی گیس، معدنی تیل، کچا لوہا، تانبا، جپسم، سونا، سنگ مرمر اس کے علاوہ بلوچستان کے علاقے چاغی میں ریکوڈک اور سینڈک کے مقام پر تانبے اور سونے کے بہت بڑے ذخائر موجود ہیں۔

پاکستان میں مختلف رنگوں کا سنگ مرمر بھی پایا جاتا ہے اگر ان تمام اللہ کی دی ہوئی نعمتوں کا استعمال منصوبہ سازی کے تحت کیا جائے تو پاکستان دوسرے ممالک کی ترقی سے زیادہ ترقی یافتہ ممالک میں شامل ہو جائے اور رعایا چین کا سانس لے۔

سڑکوں کی معیاری تعمیر، جدید ڈرینج سسٹم، مربوط ماسٹر پلان، پبلک ٹرانسپورٹ، شفاف ترقیاتی منصوبے، احتساب اور شہری اداروں کے درمیان بہتر ہم آہنگی وقت کی اہم ضرورت ہیں، اگر کراچی کو اس کا جائز حق اور منصوبہ بند ترقی نہ ملی تو اس کے اثرات صرف اس شہر تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ پوری قومی معیشت اس کی قیمت ادا کرے گی۔

کراچی آج بھی امکانات کا شہر ہے، مگر ان امکانات کو حقیقت بنانے کے لیے صرف وعدوں کی نہیں بلکہ عملی اقدامات، مستقل مزاجی اور قومی ترجیح کی ضرورت ہے، جب تک اس شہر کی ٹوٹی ہوئی سڑکیں، بوسیدہ انفراسٹرکچر اور شہری مسائل حل نہیں ہوتے، تب تک روشنیوں کا یہ شہر صرف اور صرف موہن جوڈارو کا نقشہ پیش کرتا رہے گا۔

یہ سوال برسوں سے کراچی کے ہر شہری کی زبان پر ہے کہ آخر اس شہر کی بدحالی کا ذمے دار کون ہے؟ اس کا جواب نہ تو آسان ہے اور نہ ہی یک رخی۔ حقیقت یہ ہے کہ کراچی کی موجودہ حالت کسی ایک حکومت، ایک ادارے یا ایک سیاسی جماعت کی پیدا کردہ نہیں، بلکہ یہ کئی دہائیوں پر محیط ناقص منصوبہ بندی، سیاسی کشمکش، اختیارات کی تقسیم، کمزور انتظامی ڈھانچے اور پالیسیوں کے تسلسل کے فقدان کا نتیجہ ہے۔

گزشتہ کئی عشروں میں مختلف سیاسی جماعتیں مختلف ادوار میں کراچی کے معاملات میں کردار ادا کرتی رہی ہیں۔ صوبائی سطح پر پاکستان پیپلز پارٹی طویل عرصے سے حکومت میں ہے، جب کہ ماضی میں بلدیاتی نظام کے تحت متحدہ قومی موومنٹ (MQM) نے شہر کا انتظام سنبھالا۔ وفاقی سطح پر مختلف اوقات میں پاکستان مسلم لیگ (ن)، پاکستان تحریک انصاف (PTI) اور دیگر جماعتوں کی حکومتیں بھی برسرِ اقتدار رہیں۔

## سہولتوں کی شدید کمی، تباہ حال انفرااسٹرکچر

کشور زہرا

ساری دنیا جانتی ہے کہ کراچی پاکستان کی معیشت کی دھڑکن، صنعت و تجارت کا مرکز اور کروڑوں انسانوں کی امیدوں کا مسکن ہے۔ یہ وہ شہر ہے جس کی بندرگاہیں ملکی تجارت کا بڑا حصہ سنبھالتی ہیں، جہاں ہزاروں کارخانے روزگار پیدا کرتے ہیں اور جہاں ملک کے ہر حصے سے لوگ بہتر مستقبل کی تلاش میں آتے ہیں، مگر افسوس کہ یہی شہر آج بنیادی شہری سہولتوں کی شدید کمی، تباہ حال انفرااسٹرکچر اور ناقص منصوبہ بندی کی وجہ سے بحرانوں کا شکار ہے۔

کراچی کی سڑکیں، جو کسی بھی ترقی یافتہ شہر کی شہ رگ سمجھی جاتی تھیں، آج جگہ جگہ ٹوٹ پھوٹ، گہرے گڑھوں اور ناقص مرمت کی علامت بن چکی ہیں۔ شہری روزانہ گھنٹوں ٹریفک جام میں پھنسے رہتے ہیں، جب کہ بارش کے بعد متعدد شاہراہیں اور گلیاں تالاب کا منظر پیش کرتی ہیں۔

یہ مسئلہ شہری معیشت، ایندھن کے ضیاع، کاروباری سرگرمیوں اور عوام کی ذہنی و جسمانی صحت پر بھی براہ راست اثر انداز ہوتا ہے۔ کراچی کا انفراسٹرکچر آبادی کے غیر معمولی دباؤ کا بوجھ اٹھانے میں مسلسل مشکلات کا شکار ہے۔

شہر کی سڑکوں پر روزانہ لاکھوں گاڑیاں چلتی ہیں، جب کہ شہری آبادی مسلسل بڑھ رہی ہے۔ اس کے باوجود سڑکوں کی بروقت مرمت، نکاسی آب کے نظام کی بہتری، پلوں اور شاہراہوں کی دیکھ بھال اور طویل المدتی منصوبہ بندی میں وہ رفتار دکھائی نہیں دیتی جس کی ضرورت ہے۔ بارش کراچی کے لیے رحمت سے زیادہ آزمائش بن چکی ہے۔

چند گھنٹوں کی موسلا دھار بارش سے سڑکوں پر پانی بھر جانے سے گاڑیاں بند ہو جاتی ہیں، کاروبار معطل ہو جاتا ہے اور شہری زندگی مفلوج ہو کر رہ جاتی ہے۔ گزشتہ کچھ برسوں میں شدید بارشوں نے ایک مرتبہ پھر یہ واضح کیا کہ نکاسی آب اور شہری انفراسٹرکچر کو موسمیاتی تبدیلیوں کے تقاضوں کے مطابق مضبوط بنانے کی فوری ضرورت ہے۔ شہر میں جگہ جگہ کھدی ہوئی سڑکیں، ادھورے ترقیاتی منصوبے، ٹوٹے ہوئے فٹ پاتھ، کھلے مین ہول، تجاوزات، ٹریفک کا بے ہنگم نظام اور ناقص شہری منصوبہ بندی عوام کے روزمرہ مسائل میں مسلسل اضافہ کر رہے ہیں۔

بعض علاقوں میں ایک ہی سڑک کو مختلف ادارے بار بار کھودتے ہیں، لیکن کام مکمل ہونے کے بعد اس کو بند تک نہیں کیا جاتا، جس سے عوام کو طویل عرصے تک مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ افسوسناک حقیقت یہ ہے کہ کراچی پاکستان کی معیشت میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے، مگر اس کے شہری انفراسٹرکچر پر سرمایہ کاری اس کی ضروریات کے مطابق نہیں ہو سکی۔

یہ شہر قومی خزانے میں سب سے بڑا حصہ ڈالتا ہے لیکن اس کے بدلے میں شہریوں کو صاف سڑکیں، موثر ڈرینیج، محفوظ ٹریفک نظام، بنیادی پبلک ٹرانسپورٹ اور جدید شہری سہولتیں پوری طرح میسر نہیں آتیں۔ سب سے زیادہ ٹیکس دینے والے شہریوں پر ظلم یہ ہے کہ انھیں مہنگے داموں پانی کے ٹینکر خریدنا پڑتے ہیں۔ یہ دنیا کا واحد شہر ہے جس میں ایک شہر کے اندر لوکل باڈی سسٹم میں 13 مختلف ادارے کام کرتے ہیں جن کی کارکردگی سوالیہ نشان ہے؟ یہ حقیقت بھی تسلیم کرنا ہوگی کہ کراچی کے مسائل انھی کے پیدا کردہ ہیں۔

کئی دہائیوں پر محیط غیر مربوط منصوبہ بندی، آبادی میں تیز رفتار اضافہ، مختلف اداروں کے درمیان اختیارات کی تقسیم اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات نے مل کر اس بحران کو مزید پیچیدہ اور گھمبیر بنا دیا ہے۔

اس لیے اس کا حل بھی وقتی اقدامات سے نہیں بلکہ ایک جامع، مسلسل اور غیر سیاسی شہری حکمت عملی سے ہی ممکن ہے۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ کراچی کو پاکستان کی معاشی بقا کے مرکز کے طور پر دیکھا جائے۔

## مغل بادشاہ فرخ سیر کے دربار میں

گل محمد منگی

اس میں کوئی شک نہیں کہ اس دنیا کو عام مخلوق کے لیے جنت بنانے کے لیے کئی حساس دل اور انسان دوست لوگوں نے کوششیں کیں جن میں بہت کم لوگوں کو اس میں کامیابی نصیب ہوئی جن میں سندھ کے عظیم صوفی شاہ عنایت اللہ کا نام سرفہرست ہے جس نے ٹھٹہ اور اس کے بعد اپنے آبائی شہر جھوک شریف میں ایک ایسا کمیون قائم کیا جہاں کے تمام مکین برابری (اشتراکیت) کے مطابق زندگی گذارتے تھے اور یہ کمیون آٹھ سال تک کامیابی کے ساتھ کام کرتا رہا، جہاں کوئی ایک بھی شخص کبھی نہ بھوکا سویا اور نہ ہی غربت کی شکایت کی۔

کمیون کے تمام مکین) کسان اور محنت کش (جو کھیڑے سوکھائے کے اصول کے مطابق مل جل کر کھیتی باڑی کرتے تھے۔ شاہ عنایت کا نعرہ الارض اللہ یعنی زمین خدا کی ملکیت ہے تھا اور جو پیداوار اضافی ہوتی تھی وہ کمیون کے قائم کیے گئے۔

دائرے میں رضا کارانہ طور پر جمع کراتے تھے اور کمی بیشی کی صورت میں ضرورت کے مطابق وہاں سے واپس حاصل بھی کرتے تھے۔ معروف مصنف اور مورخ جی ایم سید اپنی شہرہ آفاق کتاب پیغام لطیف میں رقمطراز ہیں کہ ہر انتہا پسند صوفی) وحدت الوجودی (انارکسٹ ہوتا ہے وہ نہ تو ریاست اور نہ ہی حکومت کو مانتا ہے۔

شاہ عنایت شہید کے طرز عمل کو کھلی بغاوت تصور کیا گیا، وہ سندھ کے سماج میں ایک ایسا انقلاب لائے جو اس دور کے قابل قبول نظریات، دساتیر اور قوانین کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے کافی تھا، ان پر ٹیکس نہ دینے کا الزام لگایا گیا۔

شاہ عنایت شہید کے چیف خلیفہ میر جان اللہ شاہ رضوی نے جب یہ کہہ کر روہڑی شہر کو الوداع کہا کہ وہ خدا کی تلاش میں جا رہے ہیں تو وہ سیہون شریف گئے مگر یہاں ان کی مراد پوری نہ ہوئی۔ مختلف بزرگان سے ملاقاتوں کے بعد جب وہ جھوک شریف پہنچے اور صوفی شاہ عنایت شہید سے ملے تو انھوں نے اعلانیہ کہا کہ اسے وہ حاصل ہوگیا جس کی تلاش میں تھے۔

شاہ عنایت شہید نے میر جان اللہ شاہ رضوی کو جھوک کی جنگ شروع ہونے سے پہلے ہی دیگر اکابرین کے ہمراہ اپنے علاقے میں جانے کی ہدایت کی اور وہ روہڑی چلے آئے جہاں باقی عمر شاہ عنایت کے پیغام کو عام کرنے میں گزار دی۔

جی ایم سید مزید لکھتے ہیں کہ شاہ عنایت شہید سندھ کے منصور ہیں۔ وقت آ گیا ہے کہ ان کے پیغام کو از سر نو ظاہر کر کے ملک سے نفرت، تعصبات، کٹر پن، روایات کی غلط تشریح کو جڑ سے اکھاڑنے کی کوشش کی جائے۔ ان کی تعلیم کا اصول وحدت انسانی کی شناخت تھا، جس میں مذاہب، رنگ، قومیں، نسل اور نظریوں کے نام پر کھڑی کی گئی نفاق کی دیواروں کو توڑ کر اتحاد انسانی پیدا کرنا تھا۔ جس کے متعلق ان ہی کے ایک طالب ممتاز شاعر فقیر قادر بخش بیدل نے کہا کہ

حقیقت میں ایک ہوا سفید اور سیاہ
عشق نے مارا دا، ہر مظہر میں ایک ہے

صوفی شاہ عنایت کی یہ باتیں مقامی مذہبی رہنماؤں کے خلاف تھیں اور یہی وجہ ہے کہ ان کے خلاف سب سے پہلی مخالفت روایتی ملاں اور پیروں کی طرف سے ہوئی۔ جی ایم سید مزید لکھتے ہیں کہ شاہ عنایت نے تب جو کچھ کہا اس سے زیادہ تو آج کے سائنسی دور میں بھی نہیں کہا جا سکتا، وہ لاکوفیت) غیر جانبداری (اور رواداری کے جدید نظریات کے موجد تھے۔

سید سبط حسن لکھتے ہیں کہ شاہ عنایت شہید نے جب مشترکہ کاشتکاری کا مشورہ دیا تو ان کے فقیروں) کامریڈوں (نے یہ تجویز قبول کر لی۔ شاہ عنایت کا تجربہ کامیاب رہا اور جھوک میں رہنے والوں کو نہ تو بھی) آدھی پیداوار (دینی پڑتی تھی اور نہ ہی جبری مشقت کرنی پڑتی تھی۔

جس کی وجہ سے کسانوں نے دیگر زمینداروں سے بھی یہی تقاضا کیا تو زمینداروں اور جاگیرداروں نے شاہ عنایت کے خلاف ٹھٹہ کے مغل گورنر/صوبیدار کو شکایت کی۔ جس کی اجازت سے علاقے کے پیروں، ملاں اور جاگیرداروں نے جھوک پر پہلا حملہ کر کے شاہ عنایت کے 35 ساتھیوں کو قتل کیا تو شاہ عنایت نے متاثرہ فقیروں کو خط دے کر مغل بادشاہ فرخ سیر کے دربار میں انصاف کے لیے بھیجا جس کی وجہ سے حملہ آور زمینداروں کی زمینیں ضبط کر کے فقیروں کو دی گئیں۔

اس طرح جھوک کے کسانوں کو معاشی، اخلاقی اور سیاسی برتری حاصل ہوئی۔ سبط حسن مزید لکھتے ہیں کہ شاہ عنایت کی تحریک مزید علاقوں میں پھیلتی چلی گئی اور زمینداروں کے لیے کسانوں پر ہاتھ اٹھانا مشکل ہوگیا۔ تاہم نئے گورنر اعظم خان نے آتے ہی شاہ عنایت اور ان کے ساتھیوں کو تنگ کرنا شروع کیا۔ انھوں نے زمینداروں، وڈیروں، پیروں اور میروں کے اکسانے پر مغل بادشاہ کو تحریری شکایت کی کہ شاہ عنایت بغاوت پر آمادہ ہے۔ انھوں نے مغل بادشاہ سے شاہ عنایت اور اس کی کسان تحریک کی سرکوبی کی اجازت حاصل کر لی۔

شاہ عنایت صلح پسند بزرگ تھے اور وہ خون خرابہ نہیں چاہتے تھے، جب کہ جھوک کے کامریڈوں کے پاس اسلحہ بھی نہ تھا۔ شاہی لشکر 12 اکتوبر 1717 کو جھوک شریف پر حملہ آور ہوا۔ شاہی فوج سے زیادہ خدا یار خان) میاں یار محمد کلہوڑو (کی فوج بڑی تھی۔ یار محمد کلہوڑو نے جو خط اپنے بیٹے کو میدان جنگ سے لکھا ہے، اس سے پتہ چلتا ہے کہ جھوک کے کامریڈوں / فقیروں کی تعداد سترہ سو تھی جب کہ مغل حکمرانوں کی فوج بڑی تعداد میں تھی جو ساحلی پٹی سے لے کر ٹھٹہ شہر اور جھوک تک چیونٹیوں کی طرح پھیلی ہوئی تھی۔

بارہ اکتوبر 1717 سے سات جنوری 1718 تک مسلسل چار ماہ تک گھمسان کی جنگ جاری رہی جس کے دوران شاہ عنایت کے کمانڈر قاسم پنہور نے گوریلہ جنگ کی حکمت عملی اختیار کی جو ان کی موت کے بعد ان کی جواں سال صاحبزادی کمانڈر صغری پنہور نے جاری رکھی۔

گوریلا حملوں نے شاہی لشکر کے اوسان خطا کر دیے اور جب چار ماہ تک جنگ کا کوئی نتیجہ نہ نکلا تو مایوس دشمن قرآن پاک سروں پر اٹھا کر جھوک کے قلعے کی طرف روانہ ہوئے۔ دشمن کو سب سے زیادہ حیرت اس بات پر تھی کہ چار ماہ کے گھیرا اور مسلسل جنگ کے باوجود جھوک میں کھانے پینے کی اشیا کی نہ تو قلت پیدا ہوئی اور نہ ہی کوئی ایک بھی مکین بھوک سے مرا۔ اس سے بھی زیادہ حیران کن بات یہ تھی کہ شاہ عنایت کا کوئی ایک بھی کامریڈ نہ تو غدار ہوا اور نہ ہی جاسوسی کی۔ دشمن کو پورا یقین تھا کہ صوفی شاہ عنایت قرآن کو ہر صورت مان سمان دیں گے اور ایسا ہی ہوا۔ دھوکہ باز دشمن امن مذاکرات کے نام پر یار محمد کلہوڑو کی فوج کے کمانڈر میر شہداد خان ٹالپر کی قیادت میں صوفی شاہ عنایت شہید کے پاس پہنچے۔

اب شاہ عنایت کے لیے یہ ممکن نہ تھا کہ قرآن پاک پر اعتماد نہ کریں حالانکہ وہ بھانپ گئے تھے کہ ان کے ساتھ دھوکہ ہو رہا ہے۔ اس طرح دھوکہ باز مذاکرات کی آڑ میں شاہ عنایت، ان کے بھائی شاہ رحمت اللہ، بھتیجے محمد یوسف سمیت 25 چیدہ کامریڈ ٹھٹہ کے مغل گورنر اعظم خان سے مذاکرات کرنے کے لیے ان کے خیمے میں چلے گئے۔

سبط حسن لکھتے ہیں یہ مذاکراتی وفد جب نواب اعظم خان کے خیمے میں پہنچا تو ان سب کو گرفتار کر کے ہتھکڑیاں اور بیڑیاں پہنائی گئیں، جب کہ ڈاکٹر محمد علی مانجھی لکھتے ہیں کہ شاہ عنایت اور ان کے رفقا کو ملاں سے فتوے لے کر موت کی سزا سنا دی گئی۔ جب کہ شاہ عنایت کے لیے سب سے تکلیف دہ لمحہ وہ تھا جب ان کے سامنے ان کے بھائی شاہ رحمت اللہ اور بھتیجے و داماد محمد یوسف کے سر قلم کر دیے گئے۔ اس موقع پر انھوں نے یہ شعر پڑھا کہ۔

سر در قدم یار فدا شد چہ بجا شد
این یار گران بود ادا شد کہ بجا شد

اس کا مطلب ہے کہ حق کی راہ میں سر قربان کرنے سے زندگی کا بنیادی مقصد پورا کرنے کا ذمہ ادا ہو جاتا ہے۔ بقول ڈاکٹر شاہ محمد مری شاہ عنایت شہید کی فکر آج بھی قابل عمل ہے۔ ان کا فکر و عمل ہر دور کی فکر ہے۔

یہ 17 صفر 1130ھ 7) جنوری

## آج پاکستان میں عام شہری کمزور

رضوان احمد گورایا

اسلامی دور کا نظام عدل و انصاف قرآن پاک کے احکام اور سنت نبی کا ذریعہ انصاف تھے

انصاف کے اردو معنی عدل، فیصلہ اور برابری ہیں کسی معاملے کا غیر جانبداری سے فیصلہ حقیقت پسندی، عدل و داد مجازا حق واجبی حقوق مجازا قانون۔ تاریخ کا پہلا تحریری انصاف اور قانون کا نظام میسو پوٹیمیا موجودہ عراق میں درج کیا گیا جس میں سلطنت سومر کا قانون اور بعد میں ہومورابی کا ضابطہ شامل ہیں۔

دنیا کے قدیم ترین قانونی نظام میں نا مو کا ضابطہ تھا، یہ اقوام عالم کا سب سے پہلا تحریری قانون ہے جو مٹی کی تختیوں پر تقریبا 2100 قبل مسیح سو مر کے شہر میں لکھا گیا۔ اسی طرح ہومو رابی کا ضابطہ تقریبا 1750 قبل مسیح بابل کے بادشاہ ہومورابی نے جاری کیا جس میں 282 قوانین اور انصاف کے اصول درج تھے۔

اسلام میں انصاف کا پہلا باقاعدہ نظام حضور محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے دور میں قائم ہوا جس کی بنیاد قرآن مجید کی تعلیمات، مساوات اور خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فیصلوں پر تھی، اس کا عملی مظاہرہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عمر فاروق کے دور خلافت میں عدلیہ کو حکومت سے الگ کرنے اور باقاعدہ قاضی مقرر کرنے سے سامنے آیا۔

اسلامی دور کا نظام عدل و انصاف قرآن پاک کے احکام اور سنت نبی کا ذریعہ انصاف تھے۔ عدالتیں حکومت کے اثر سے آزاد تھیں اور قانون سب کے لیے یکساں تھا، کمزور اور طاقتور کے لیے ایک جیسا قانون کا نظام تھا، فاروقی نظام عدل میں قاضیوں کا تقرر سخت شرائط پر مشتمل تھا۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور میں عدالتوں کو الگ کیا گیا تھا اور شہروں میں باقاعدہ قاضی مقرر کیے گئے، ججوں کے لیے سخت شرائط مقرر کی گئیں جن میں تقویٰ، بلند کردار اور قانون کی سمجھ شامل تھی۔

اس دور میں خلیفہ وقت بھی رعایا اور عدالت کو جواب دہ تھے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نظام عدل و انصاف، تاریخ اسلام اور اقوام عالم کا ایسا روشن باب ہے جو مساوات، قانون کی حکمرانی، حکمران اور عوام کے یکساں احتساب کی عظیم مثال پیش کرتا ہے، آپ کا یہ زریں اصول کے کفر کا نظام تو چل سکتا ہے لیکن ظلم کا نظام نہیں چل سکتا، عادلانہ حکومت کی بنیاد ہے۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور حکومت میں قانون سب کے لیے یکساں تھا۔ عدالت کے سامنے خلیفہ اور ایک عام شہری کا درجہ برابر تھا۔ ہم اپنے ملک کے نظام عدل و انصاف کا جائزہ لیں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ پاکستان کا عدالتی نظام سپریم کورٹ، ہائی کورٹس اور ماتحت عدالتوں پر مشتمل ایک متوازن اور مربوط نظام ہے۔ یہ نظام آئین پاکستان کے تحت ملک میں قانون کی بالادستی اور عوام الناس کو انصاف فراہم کرنے کا ذمے دار ہے۔ پاکستان کی سب سے بڑی عدالت عدالت عظمیٰ ہے جو آئینی تشریح اور اپیلوں کا آخری فورم ہے، اسی طرح وفاقی شرعی عدالت ہے جو یہ دیکھتی ہے کہ ملکی قوانین اسلامی اصولوں کے مطابق ہیں یا نہیں؟ اسی طرح ہر صوبے اور وفاقی دارالحکومت میں ایک ہائی کورٹ موجود ہے جو ماتحت عدالتوں کی نگرانی کرتی ہے۔

ماتحت عدلیہ میں سیشن عدالتیں آتی ہیں جو ضلعی سطح پر فوجداری اور دیوانی مقدمات کی سماعت کرتی ہیں۔ اسی طرح مجسٹریٹ اور سول عدالتیں روزمرہ کے چھوٹے دیوانی اور فوجداری تنازعات کو حل کرنے کے لیے تحصیل و ضلعی سطح پر قائم ہیں۔

عدل و انصاف کا مختصر حوالہ دینے کا مقصد یہاں پر یہ ہے کہ کیا آج پاکستان میں عام شہری کمزور شخص کو حقیقی انصاف ملتا ہے یا نہیں؟ بدقسمتی سے ہمارا عدالتی نظام عوام کو انصاف دینے میں ناکام ثابت ہوا ہے اور یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ یہاں پر کمزور مظلوم کو انصاف نہیں ملتا۔ تاریخ گواہ ہے کہ بعض اوقات عدالتیں اپنے دائرہ اختیار سے باہر نکل کر آئین کے خلاف عوامل میں پیش پیش رہی ہیں۔ ملک خداداد پر آمریت اور جمہوریت دونوں نظاموں نے راج کیا ہے۔

یہ دیکھنے میں بھی آیا ہے کہ آمریت کے زمانے میں عدالتیں آمریت کے سامنے بے بس ہو کر آئین کی پاسداری نہیں کرتیں، عدالتوں میں پینڈنگ کیس کئی کئی سالوں سے فائلوں میں بند ہی

بقیہ 1

جائیں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ قرافوں کی تاوان دینے کی بات نہیں مانی جاسکتی، عالمی قوانین ہیں کہ مغویوں کو تاوان دے کر نہیں چھڑوا سکتے، قرافوں کو اس طرح پیسے ملنے شروع ہوگئے تو وہ یہی کام جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قرافوں کے ہاتھوں پھنسے 10 پاکستانیوں کی رہائی کے لیے کوششیں کر رہے ہیں جن کی تفصیلات ابھی نہیں بتائی جاسکتیں، کوشش ہے کسی بھی طریقے سے ملاحوں کو چھڑایا جائے۔

بقیہ 2

کرے، کورم مکمل کرنا حکومت اور اپوزیشن دونوں کی ذمے داری ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ اجلاس میں بہتری آئی اور تمام لوگ موجود تھے، امید ہے کہ آئندہ اجلاس میں مزید بہتری آئے گی اور کورم مکمل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ فورم اپنے اپنے علاقوں کے مسائل پر بات کرنے کے لیے ہے، اسے خالی چھوڑنا مناسب نہیں، اپوزیشن نے پارلیمنٹ میں قانون سازی سے متعلق اتحاد کیا ہے جو اچھی چیز ہے۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کے کمیٹیوں سے استعفے میں نے ابھی تک قبول نہیں کیے، میری یہی خواہش ہے کہ میں کمیٹیوں سے پاکستان تحریک انصاف کے استعفے قبول نہ کروں۔

بقیہ 3

ہوئے محنت، لگن، دیانت داری اور ریاست سے غیر مشروط وفاداری کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی صوبے کے معاشی مستقبل میں کلیدی کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ صوبے کے وسائل کا ایک بڑا حصہ غیر ترقیاتی اخراجات کی نذر ہو جاتا ہے، جس کے باعث عام بلوچستانی کی فلاح و بہبود کے لیے محدود وسائل دستیاب رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی سے توقع ہے کہ وہ صوبے کے ریونیو میں اضافہ کرتے ہوئے کم از کم غیر ترقیاتی اخراجات کا بوجھ کم کرنے کے لیے خاطر خواہ وسائل پیدا کرے گی۔ غیر ترقیاتی اخراجات میں کمی سے بچنے والے وسائل کو عوامی فلاح، تعلیم، صحت، بنیادی سہولیات اور دیگر ترقیاتی ترجیحات پر خرچ کیا جاسکے گا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ انہوں نے وزارت اعلیٰ کا منصب سنبھالنے کے روز اول ہی بلوچستان کے عوام سے وعدہ کیا تھا کہ سرکاری ملازمتیں فروخت نہیں ہوں گی اور بھرتیوں میں میرٹ کو ہر صورت مقدم رکھا جائے گا۔ محکمہ تعلیم میں 14 ہزار 500 سے زائد اساتذہ کی بھرتیاں میرٹ پر کی گئیں اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں افسران کی حالیہ تعیناتی اسی پالیسی کا عملی تسلسل ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں میرٹ کی سطح کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ ان کے اپنے ضلع ڈیرہ بگٹی سے بھی کوئی امیدوار کامیاب نہیں ہوسکا۔ بھرتی کے پورے عمل میں کسی بھی ایگزیکٹو آفس سے کوئی دباؤ نہیں ڈالا گیا اور تقرریاں سو فیصد میرٹ پر عمل میں لائی گئیں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے میرٹ کو یقینی بنانے پر صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان نورزئی اور پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ شفاف اور میرٹ پر مبنی بھرتیاں ہی نوجوانوں کا ریاستی اداروں پر اعتماد بحال کرنے کا مؤثر ذریعہ ہیں انہوں نے نومنتخب افسران سے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے نوجوان افسران خلوص، محنت، لگن اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ساتھ طے شدہ اہداف کے حصول کے لیے کام کریں۔ آئندہ مالی سال کے اہداف میں نمایاں بہتری کا حصول ان کا پہلا امتحان ہوگا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ریاست سے غیر مشروط اخلاص ہر سرکاری افسر کا طرہ امتیاز ہونا چاہیے۔ پاکستان ہی ہماری پہچان ہے اور فرائض کی انجام دہی میں ریاست کو ہر شخص پر مقدم رکھنا ضروری ہے انہوں نے کہا کہ نوجوانوں اور ریاست کے درمیان خلیج کم کرنے کے لیے ہر سطح پر میرٹ کو فروغ دینا ہوگا میرٹو کریسی کو مضبوط بنا کر ہی نوجوانوں اور ریاستی اداروں کے درمیان اعتماد اور وابستگی کو مزید مستحکم کیا جاسکتا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حکومت بلوچستان کو معاشی طور پر مستحکم اور اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے لیے جامع اقدامات کر رہی ہے۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کو صوبے کا ایک مثالی، مؤثر اور فعال ادارہ بنایا جائے گا جو صوبے کے مالی استحکام میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے گا انہوں نے نومنتخب افسران پر زور دیا کہ وہ محنت، لگن اور ریاست سے غیر مشروط وفاداری کے عہد کے ساتھ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کا آغاز کریں اور ادارے کی کارکردگی کو نئی بلندیوں تک لے جانے میں اپنا کردار ادا کریں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس امر پر بھی خوشی کا اظہار کیا کہ میرٹ کی بنیاد پر بلوچستان کی باصلاحیت خواتین بھی بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں افسران کے طور پر منتخب ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین سمیت صوبے کے تمام باصلاحیت نوجوانوں کو میرٹ کی بنیاد پر آگے بڑھنے کے مساوی مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 4

حملے اور پولیس اہلکاروں کی قیمتی جانوں کے المناک نقصان کی تحقیقات کے لیے تشکیل دیا گیا ہے، نے ایک حکم جاری کیا ہے، جو معلومات اور ضروری کارروائی کے لیے منسلک ہے۔ 2۔ معزز کمیشن کے حکم کی روشنی میں معلومات/شہادتیں جمع کرانے اور رجسٹریشن کے لیے مقررہ آخری تاریخ، یعنی 28.08.2026 کو دفتری اوقات کے دوران، بڑھا کر 03.09.2026 دفتری اوقات تک کر دیا گیا ہے۔ اس مدت کے دوران تمام متعلقہ افراد، خواہ براہ راست یا بالواسطہ طور پر، بشمول شہید پولیس اہلکاروں کے قانونی ورثاء/قریبی رشتہ دار، ڈی افراد، نیز عام عوام میں سے وہ تمام اشخاص جن کے پاس مذکورہ واقعہ/حملے سے متعلق کوئی معلومات موجود ہوں، بالخصوص قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار اور افسران جو مذکورہ واقعے کے وقت کسی ڈیوٹی پر مامور یا کسی بھی حیثیت سے متعلق تھے، نیز ضلعی انتظامیہ اور دیگر محکموں کے افسران، اور دیگر تمام دلچسپی رکھنے والے افراد جن کے پاس کوئی معلومات، ٹھوس مواد یا شواہد موجود ہوں یا جو کسی متعلقہ حقیقت کے بارے میں بیان ریکارڈ کرانا چاہتے ہوں، انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے نام اور مکمل کوائف، موجودہ و مستقل پتہ، رابطہ نمبر اور شناختی کارڈ (CNIC) کی نقل کے ساتھ رجسٹرار/سیکریٹری، انکوائری کمیشن کے دفتر میں، جو احاطہ ہائی کورٹ ہائی روڈ، کوئٹہ میں واقع ہے، حاضر ہو کر اپنا نام رجسٹر کروائیں، تاکہ ان کی فراہم کردہ معلومات/مواد معزز انکوائری کمیشن کے سامنے پیش کیا جاسکے۔

بقیہ 5

کہ غصے میں غلط فیصلے کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ سیاست میں سیاسی مخالفت کو جانے دیتا ہوں لیکن ذاتی مخالفت کو نہیں، جو الفاظ بانی پی ٹی آئی نے مولانا کے لئے استعمال کیے تھے میرے رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں۔ وفاقی وزیر کا کہنا ہے کہ وہ سیاسی مخالفت کرتے تو کوئی بات نہیں تھی لیکن انہوں نے آپ کی ذات پر کیچڑ اچھالا۔

بقیہ 6

ملاقات میں پاکستان اور بیلاروس کے درمیان دوطرفہ سائنسی و تکنیکی تعاون کے فروغ اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ پاکستان سائنس فاؤنڈیشن پاکستان اور بیلاروس کے دو مشترکہ تحقیقی منصوبوں کی فنڈنگ کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ سائنس و ٹیکنالوجی کے شعبے میں تعاون کے لیے دونوں ممالک کے درمیان مشترکہ کمیشن پہلے ہی قائم ہے، جس کے تحت باہمی تعاون کو مزید وسعت دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بیلاروس کے درمیان مشترکہ سائنسی و تحقیقی منصوبوں پر عملی پیش رفت تیز کرنے پر اتفاق کیا گیا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان معیارات، کوالٹی انفراسٹرکچر اور حلال سرٹیفکیشن کے شعبوں میں تعاون بھی مزید مضبوط کیا جا رہا ہے۔ خالد حسین مگسی نے کہا کہ زرعی مصنوعات کے لیے مارکیٹ تک رسائی کے سلسلے میں بھی پاکستان اور بیلاروس کے درمیان تعاون جاری ہے، جس سے دونوں ممالک کے درمیان تجارتی اور اقتصادی روابط کو مزید فروغ ملے گا۔ بیلاروس کے سفیر آندرے میلیٹیوسا نے کہا کہ ان کا ملک سائنس و ٹیکنالوجی کے تمام شعبوں میں پاکستان کے ساتھ بھرپور تعاون کرے گا۔ انہوں نے پاکستان کی کیمیکلائزیشن اور دفاعی ٹیکنالوجی کے شعبوں میں نمایاں پیش رفت کو سراہتے ہوئے باہمی تعاون کو مزید وسعت دینے کی خواہش کا اظہار کیا۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان سائنسی، تکنیکی، تحقیقی اور صنعتی تعاون کو عملی منصوبوں میں تبدیل کرنے اور باہمی روابط مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ 7

کے درمیان باہمی تعاون کے فروغ پر اہم تبادلہ خیال کیا گیا۔ علی ڈار نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کا دورہ امریکہ۔ پنجاب اور امریکہ کے درمیان دوطرفہ تعاون، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور معاشی شراکت داری کے نئے مواقع پیدا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کو مصنوعی ذہانت کا عالمی مرکز بنانے کیلئے بین الاقوامی شراکت داری وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے وژن کا اہم حصہ ہے، امریکہ کے ساتھ تعاون کے ذریعے پنجاب میں عالمی معیار کی ٹیکنالوجی اور سرمایہ کاری لانے کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں۔ علی ڈار نے کہا کہ مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی پنجاب کے مستقبل کا اہم حصہ ہیں اور امریکہ کے ساتھ اس شعبے میں تعاون کو مزید آگے بڑھایا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ دی آفس آف اے آئی پنجاب امریکہ کے ساتھ نالج ایکسچینج، ٹیکنالوجی پارٹنرشپس اور مصنوعی ذہانت کے شعبے میں تعاون پر کام کر رہا ہے، امید ہے وزیر اعلیٰ پنجاب کے دورہ؟ امریکہ سے پنجاب کے اے آئی ایکوسسٹم، سرمایہ کاری اور ٹیکنالوجی کے شعبوں میں مثبت پیش رفت ہوگی۔

بقیہ 8

حکام سے روٹ اور صورتحال کی تصدیق لازمی کر لیں۔ دوسری جانب سیکیورٹی خدشات کے پیش نظر 25 اور 26 اگست کو کوئٹہ سے چلنے والی جعفر ایکسپریس ٹرین سروس کو بھی معطل رکھا گیا ہے۔ انتظامیہ کے مطابق ٹرین اور روڈ ٹرانسپورٹ کی معطلی کا مقصد مسافروں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے، جبکہ حالات معمول پر آتے ہی سروسز کی بحالی کا اعلان کیا جائے گا۔

بقیہ 9

حراست میں لے کر مزید تفتیش کے لیے متعلقہ حکام کے حوالے کر دیا گیا ہے ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے دالبندین کے سرحدی علاقوں میں نگرانی کا عمل مزید مؤثر بناتے ہوئے غیر قانونی آمد و رفت کی روک تھام کے لیے گشت اور چیکنگ کا سلسلہ تیز کر رکھا ہے۔ اسی دوران اہلکاروں نے ایسے افراد کی نقل و حرکت کو مشکوک قرار دیتے ہوئے کارروائی کی اور 13 افغان شہریوں کو گرفتار کر لیا، جو مبینہ طور پر غیر قانونی راستے سے سرحد عبور کرنے کی کوشش کر رہے تھے سکیورٹی حکام کا کہنا ہے کہ بلوچستان کے سرحدی اضلاع میں غیر قانونی سرحدی آمد و رفت کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں، جبکہ سرحدی علاقوں میں نگرانی کا نظام بھی مزید سخت کیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق غیر قانونی طور پر سرحد عبور کرنے کی کوشش کرنے والے افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی یو این اے کے مطابق گرفتار افراد سے ان کے سفری دستاویزات، سرحد عبور کرنے کے مقصد اور سہولت کاری سے متعلق معلومات حاصل کی جا رہی ہیں۔ ابتدائی طور پر تمام گرفتار افراد کو متعلقہ اداروں کی تحویل میں رکھا گیا ہے اور ان سے تفتیش جاری ہے حکام کے مطابق غیر قانونی سرحدی آمد و رفت نہ صرف سرحدی نظم و نسق کے لیے ایک چیلنج ہے بلکہ اس کے ذریعے انسانی اسمگلنگ، غیر قانونی نقل و حرکت اور دیگر جرائم پیشہ سرگرمیوں کے امکانات بھی بڑھ سکتے ہیں، جس کے پیش نظر سرحدی علاقوں میں سکیورٹی اقدامات مزید مؤثر بنائے جا رہے ہیں دالبندین اور ضلع چاغی کے دیگر سرحدی علاقوں کی جغرافیائی اہمیت کے باعث سکیورٹی فورسز کی جانب سے مشکوک نقل و حرکت پر کڑی نظر رکھی جا رہی ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ سرحدی علاقوں میں کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کی اطلاع ملنے پر فوری کارروائی کی جائے گی سکیورٹی ذرائع نے شہریوں سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ اپنے علاقوں میں مشکوک افراد یا غیر قانونی سرگرمیوں کی اطلاع متعلقہ اداروں کو دیں تاکہ انسانی اسمگلنگ اور غیر قانونی سرحدی آمد و رفت کی روک تھام کے لیے اقدامات مزید مؤثر بنائے جاسکیں 13 افغان شہریوں کی گرفتاری کے بعد متعلقہ اداروں نے واقعے کی مزید تحقیقات شروع کر دی ہیں جبکہ یہ بھی معلوم کیا جا رہا ہے کہ گرفتار افراد کس راستے سے سرحد عبور کرنے کی کوشش کر رہے تھے اور آیا انہیں کسی فرد یا گروہ کی جانب سے سہولت فراہم کی جا رہی تھی حکام کے مطابق قانونی دستاویزات اور مجاز اجازت کے بغیر سرحد عبور کرنے کی کوشش کرنے والوں کے خلاف قانون کے تحت کارروائی جاری رہے گی، جبکہ سرحدی سکیورٹی کو یقینی بنانے کے لیے نگرانی اور چیکنگ کا عمل بدستور جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 10

3 بچے ہلاک جبکہ متعدد افراد زخمی ہوگئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق کراسنودار، داغستان، اسٹاورو پول اور اڈیگیا میں اس کے لاجسٹک مراکز متاثر ہوئے جبکہ بعض مقامات سے ملازمین کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا۔ روسی وزارت دفاع کے مطابق کراسنودار میں ڈرون حملے کے نتیجے میں 3 بچے ہلاک ہوئے جن کی عمریں 13، 15 اور 16 سال بتائی گئی ہیں، جبکہ مزید 6 بچوں کو اسپتال منتقل کیا گیا۔ داغستان کے شہر مخاچ قلا میں اوزون کے ایک لاجسٹک مرکز میں صبح تقریباً 5 بجے ڈرون حملے کے بعد آگ بھڑک اٹھی جبکہ کراسنودار میں بھی کمپنی کے ایک بڑے مرکز میں شدید آگ لگنے کی اطلاع ہے۔ اوزون کے مطابق ایک روز قبل سامارا کے علاقے میں موجود اس کے ایک مرکز کو بھی نشانہ بنایا گیا تھا جس میں کمپنی کے متعدد ملازمین زخمی ہوئے تھے۔ روسی صدر ولادیمیر پیوٹن نے یوکرین کی جانب سے معاشی اہداف کو نشانہ بنانے پر خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ روس کیف کے انتہائی حساس معاشی شعبوں کو نشانہ بنا سکتا ہے۔

بقیہ 11

نیم نے بتایا کہ یہ اہم مسئلہ ہے حکومت اس پر سنجیدگی سے کام کر رہی ہے، ڈپٹی وزیر اعظم کی سربراہی میں قائم کمیٹی نے اس کا جائزہ لے کر 18 لاکھ روپے سالانہ کی فیس طے کی۔ کچھ کالجز نے کہا کہ ہماری اضافی سہولیات کو مدنظر رکھتے ہوئے 25 لاکھ روپے فیس مقرر کی جائے۔ اس پر درخواستیں طلب کی گئیں، 61 نے اس پر درخواستیں جمع کروائیں۔ 35 کی اپیل کا درست قرار دیتے ہوئے ان کی فیس 21 لاکھ روپے مقرر کی۔ پی ایم ڈی سی نے اس پر ایک شکایات پورٹل قائم کیا جہاں پر شکایات طلب کی گئیں شکایات موصول ہونے پر 45 اداروں کو شوکاز نوٹس جاری کئے گئے ہیں کہ فیس ادائیگی سمیت تمام متعلقہ دستاویزات فراہم کی جائیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ کمیٹی نے فیسوں کا تعین کر دیا ہے، ایک کمیٹی بنی ہے کو زائد فیسز پر سزائیں دیتی ہے۔ یہاں سے فارغ التحصیل ہونے والے طالب علموں کی پہلی ترجیح بیرون ملک ملازمتوں کی ہوتی ہے، وہاں جانے پر ان کے ٹیسٹ ہوتے ہیں۔ زہرہ دودو فاطمی کے سوال کے جواب میں مصطفیٰ کمال نے کہا کہ 22 ہزار ڈاکٹرز کی سیٹس ہیں، 35 گورنمنٹ سیٹس ہیں۔ 153 ہزار بچوں نے اپلائی کیا 96 ہزار نے اپلائی کیا 22 ہزار کو داخلہ ملا۔ بڑی تعداد باہر جاتی ہے، پی ایم ڈی سی کی ویب سائیٹ پر ایسے تسلیم شدہ کالجز کی لسٹ دی ہے، اس میں وہی بچے جائیں جو ایم ڈی کیٹ پاس کر چکے ہیں۔ انفراسٹرکچر بڑھاتے ہوئے سیٹوں کی تعداد بھی بڑھائی جا رہی ہے۔ ہما اختر چغتائی کے سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ میڈیکل کی تعلیم کے لئے امریکن سرٹیفائیڈ ادارہ کی جانب سے پاکستان کو سرٹیفکیشن ہوئی ہے، پاکستان کے ڈاکٹرز آج دنیا میں اچھا نام ہیں، بڑے نظام میں شکایات ہوتی ہیں، ہمیں شکایات آئی ہیں ان کا جائزہ لے کر نوٹس جاری کیے ہیں، اگر یہ سلسلے جاری رہا تو ان کا کوٹہ کم کریں گے۔ ہمارے کالجز سے فارغ التحصیل ڈاکٹرز قابل بھروسہ ہیں، پاکستان میں میڈیکل ایجوکیشن بہت بہتر ہے۔ ڈپٹی سپیکر نے کہا کہ نجی میڈیکل کالجز میں فیس کو ریگولیٹ کریں۔ مصطفیٰ کمال نے بتایا کہ نائب وزیر اعظم کی سربراہی میں اس موضوع پر ایک کمیٹی بنائی گئی۔ جس نے 18 لاکھ روپے فیس مقرر کی۔ جن کی شکایات زیادہ ہیں ان کی آڈٹ رپورٹ کے ساتھ درخواستیں مانگی گئیں۔ کوئی ادارہ اپنی فیس بڑھا نہیں سکتا۔ 188 میڈیکل کالجز میں سے 35 کو اجازت دی گئی ہے کہ وہ اپنی فیس 18 لاکھ روپے سے زیادہ رکھ سکتے ہیں تاہم 21 لاکھ روپے سے زائد نہ ہو۔

بقیہ 12

ویم نے کہا کہ ان کے حلقہ میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ زیادہ ہے جس سے عوام تکلیف میں ہے، واپڈا کی پالیسیوں سے لوگوں کے مسائل مزید بڑھ رہے ہیں، کسی ایک گھر انے کی چوری پر پورے گاں یا علاقہ کی بجلی بند کرنے کا طریقہ کار تبدیل کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ نقصانات کو منیج کرنے کیلئے واپڈا بجلی چور کے خلاف نہیں جاتی بلکہ پورے علاقہ کی بجلی بند کردی جاتی ہے، واپڈا کی پالیسی پر ایوان میں بحث کرائی جائے اور لوگوں کو ریلیف دیا جائے۔ اس معاملہ پر چیئرمین کی رولنگ آنی چاہیے۔ پیپلز پارٹی کے آغا رفیع اللہ نے کہا کہ لوڈشیڈنگ کا مسئلہ ان کے حلقہ میں بھی ہے، اس مسئلہ کا جامع اور پائیدار حل تلاش کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے چینی برآمد کی گئی جس سے چینی کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، اب چینی کی درآمد کے حوالہ سے فیصلے ہو رہے ہیں، اس معاملہ کی مکمل تحقیقات ہونی چاہیے اور ذمہ داران کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے۔ اجلاس کے دوران نکتہ اعتراض پر جے یو آئی (ف) کی رکن قومی اسمبلی عالیہ کامران نے کہا کہ پرائیوٹ ممبرڈے کو نکتہ ہائے اعتراض کیلئے مختص کرنے پر اپوزیشن کو بھی اعتماد میں لیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پرائیوٹ ممبرڈے قانون سازی کے حوالہ سے اہم ہوتا ہے، آج پرائیوٹ ممبرڈے کو نکتہ ہائے اعتراض کیلئے مختص کیا گیا مگر اس میں اپوزیشن کے ساتھ مشاورت نہیں کی گئی۔ علاوہ ازیں پرائیوٹ ممبرڈے کو نکتہ ہائے اعتراض کیلئے مختص کرنے کی حوالہ سے ایوان سے تحریک کی منظوری بھی ہونی چاہیے۔

بقیہ 13

حوالے سے مزید تحقیقات جاری ہیں۔ ادھر مچھ بازار کے قریب این 40- شاہراہ پر تھانان سے کوئٹہ جانے والے 4 مزدوروں پر مسلح افراد کی فائرنگ کی اطلاع سامنے آئی ہے۔ فائرنگ کے نتیجے میں ٹرکوں کے ٹائر پھٹ گئے جبکہ کم از کم ایک ٹرک کو آگ لگا دی گئی، تاہم واقعے میں تاحال کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔

بقیہ 14

نے مون سون صورتحال، ریسکیو وسائل، ایمرجنسی اسٹاک اور انخلا کے انتظامات سے آگاہ کیا۔ متعلقہ اداروں نے اپنے علاقوں میں سیلابی صورتحال، نقصانات اور جاری ریسکیو و ریلیف اقدامات پر بریفنگ دی۔ حساس اضلاع میں امدادی وسائل کی پیشگی دستیابی اور ریسپانس اداروں کی آپریشنل تیاری یقینی بنانے پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں بروقت ابتدائی وارننگ اور عوام تک فوری معلومات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔ مون سون کے دوران تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر اور مسلسل رابطہ کاری برقرار رکھنے پر زور دیا گیا۔ حساس علاقوں میں ممکنہ خطرات سے نمٹنے کے لیے ضلعی سطح پر پیشگی اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔ عوام کے تحفظ کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو مون سون کے دوران الرٹ اور مکمل آپریشنل تیاری برقرار رکھنے کی ہدایت کی گئی۔

بقیہ 15

کرتے ہوئے وفاقی وزیر ریلوے خنیف عباسی نے کہا کہ یہ فریم ورک معاہدہ وزیر اعظم پاکستان کے وژن اور رہنمائی کے تحت طے پایا ہے، جس کا مقصد وفاق اور صوبوں کے درمیان مضبوط شراکت داری قائم کر کے ریلوے کے نظام کو محفوظ، موثر اور جدید خطوط پر استوار کرنا ہے۔ معاہدے کے تحت خیبر پختونخوا میں تقریباً 240 کلومیٹر طویل مضافاتی ریلوے لائنوں کو اپ گریڈ کیا جائے گا، جن میں پشاور نوشہرہ جہانگیرہ (62 کلومیٹر)، نوشہرہ داندگئی (65 کلومیٹر)، نوشہرہ داچارسدہ (51 کلومیٹر)، نصیر پور (چمتکنی) سے جمرود (30 کلومیٹر) اور جمرود سے لنڈی کوتل سفاری ریلوے روٹ (32 کلومیٹر) شامل ہیں۔ اس کے علاوہ پشاور کینٹ، پشاور سٹی، نوشہرہ اور جہانگیرہ ریلوے سٹیشنوں کی اپ گریڈیشن کی جائے گی جہاں مسافر سہولیات، صفائی اور سیکیورٹی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے گا۔ باہمی مشاورت سے دیگر روٹس، نئی الائنمنٹس اور فنڈنگ کے متبادل ذرائع پر بھی کام کیا جائے گا۔ معاہدے کے مطابق کوہاٹ سے براستہ ٹھل خرلاچی تک تقریباً 192 کلومیٹر طویل نئی سٹریٹجک ریلوے لائن تعمیر کی جائے گی۔ وفاقی وزیر نے واضح کیا کہ خرلاچی ریلوے رابطہ کے تحت پاکستان اور وسطی ایشیائی ریاستوں کے مابین علاقائی تجارت، ٹرانزٹ اور آمد و رفت کے نئے مواقع پیدا کرے گا جس سے پاکستان خطے کا اہم تجارتی مرکز بنے گا۔ وفاقی وزیر ریلوے نے ریلوے سیفٹی اور انسانی جانوں کے تحفظ کو اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے کہا کہ پنجاب حکومت کی طرح جس نے 177 بغیر پھاٹک کراسنگ کو محفوظ بنانے کے لیے 9.7 ارب روپے مختص کیے ہیں، خیبر پختونخوا بھی صوبے میں موجود 81 غیر محفوظ کراسنگ کو محفوظ اور باقاعدہ بنانے میں تعاون کرے۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے کی 79 سالہ تاریخ میں پہلی بار وفاق اور چاروں صوبے عملی شراکت داری کے تحت ریلوے انفراسٹرکچر پر کام کر رہے ہیں۔ ریلوے صرف سفری ذریعہ نہیں بلکہ رنگ و نسل اور صوبائیت سے بالاتر قومی یکجہتی کی علامت ہے۔ وفاقی وزیر نے خیبر پختونخوا حکومت اور وزیر اعلیٰ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وفاق اور صوبوں کا مشترکہ تعاون آنے والی نسلوں کے لیے ایک محفوظ اور مربوط ریلوے نیٹ ورک کی بنیاد رکھے گا۔

بقیہ 16

لینڈ ریونیو کی جانب سے باضابطہ طور پر کینٹرلیس جنرل آرڈر نمبر 20 آف 2026 جاری کر دیا گیا ہے۔ اس میں بتایا گیا کہ سیلز ٹیکس رجسٹریشن کی درخواستوں پر کارروائی خطرے کی بنیاد پر کی جائے گی، جبکہ کمپیوٹرائزڈ رسک پیرامیٹرز کے تحت کم خطرے کے زمرے میں آنے والی درخواستوں کو ترجیحی اور مقررہ مدت میں نمٹایا جائے گا جن کم خطرے والی درخواستوں میں تمام مطلوبہ معلومات اور دستاویزات مکمل ہوں گی، متعلقہ لوکل رجسٹریشن آفس ان پر غیر ضروری تاخیر کے بغیر کارروائی کرے گا اور جہاں تک ممکن ہو رجسٹریشن تین ورکنگ دنوں کے اندر دے گا۔ ایف بی آر کے مطابق کم خطرے والے درخواست گزار سے اضافی دستاویز یا معلومات صرف اسی صورت طلب کی جائیگی جب وہ سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کے تحت خصوصی طور پر درکار ہو، سیلز ٹیکس رولز 2006 میں مقرر ہو۔ درخواست گزار کی فراہم کردہ معلومات کی تصدیق کے لیے ضروری ہو یا کمپیوٹرائزڈ رسک مینجمنٹ سسٹم میں کسی مخصوص خطرے کی نشاندہی ہوئی ہو ایف بی آر نے ہدایت کی کہ مزید جانچ کی ضرورت والی درخواست متعلقہ افسر کو بھیجتے وقت اس کی مخصوص وجوہات الیکٹرانک طور پر ریکارڈ کی جائیں اور درخواست کو بغیر وجہ کے زیر التوا نہ رکھا جائے، اگر درخواست نامکمل ہو یا کوئی مطلوبہ دستاویز یا معلومات غائب، غلط یا ناکافی ہو تو درخواست گزار کو درخواست جمع کرانے کے سات دن کے اندر کمپیوٹرائزڈ سسٹم کے ذریعے آگاہ کیا جائے گا، اطلاع میں مطلوبہ دستاویز یا معلومات، سامنے آنے والی کمی یا تضاد، اسے دور کرنے کا طریقہ اور تعمیل کے لیے دیا گیا وقت واضح طور پر درج ہوگا جنرل آرڈر میں واضح کیا گیا ہے کہ کوئی عمومی یا مبہم اعتراض نہیں اٹھایا جائے گا اور ہر اعتراض مخصوص، متعلقہ اور متعلقہ قانونی یا ضابطہ جاتی تقاضے سے قابل سراغ ہونا چاہیے۔ درخواست گزار کی جانب سے مطلوبہ دستاویزات یا معلومات فراہم کرنے کے بعد درخواست مکمل ہو جائے تو اسے دوبارہ رجسٹریشن کا عمل شروع کرنے پر مجبور نہیں کیا جائے گا بلکہ درخواست پر فوری کارروائی کی جائے گی۔ ایف بی آر نے تحقیقی مینوفیکچرنگ اداروں کی رجسٹریشن میں سہولت کے لیے مختلف شعبوں کی مینوفیکچررز کی نمائندہ سیکٹرل ایسوسی ایشنز، جو فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے دائرہ کار میں آتی ہیں، کو اپنے ممبر درخواست گزاروں کے کوائف اور وجود سے متعلق پری رجسٹریشن سرٹیفکیشن فراہم کرنے کی ہدایت بھی کی ہے۔ سیکٹرل ایسوسی ایشن اپنے دستیاب ریکارڈ کی حد تک اس امر کی تصدیق کر سکے گی کہ درخواست گزار متعلقہ مینوفیکچرنگ سرگرمی میں مصروف ہے یا ہونے کا ارادہ رکھتا ہے۔ درخواست گزار کی جانب سے ظاہر کردہ کاروباری مقام یا فیکٹری قابل شناخت ہے، جہاں قابل اطلاق ہو درخواست گزار ایسوسی ایشن کا رکن ہے، مجوزہ مینوفیکچرنگ سرگرمی متعلقہ شعبے سے مطابقت رکھتی ہے اور درخواست گزار کی جانب سے ایسوسی ایشن کو فراہم کردہ کوائف دستیاب ریکارڈ سے جانچے گئے ہیں۔ ایف بی آر کے مطابق سیکٹرل ایسوسی ایشن کی جانب سے جاری شوکیٹ درخواست گزار یا متعلقہ ایسوسی ایشن دیگر دستاویزات کے ساتھ الیکٹرانک طور پر متعلقہ لوکل رجسٹریشن آفس کو فراہم کرے گی، یہ شوکیٹ سہولت کے لیے پری رجسٹریشن تصدیقی معاونت تصور ہوگا اور سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 یا سیلز ٹیکس رولز 2006 کے تحت مقرر کسی قانونی تقاضے کی جگہ نہیں لے گا۔ شوکیٹ درخواست گزار کو کسی قسم کی چھوٹ، رعایت یا قانونی استثنا بھی فراہم نہیں کرے گا، فزیکل ویری فکیشن کے دوران غلط معلومات سامنے آنے کی صورت میں متعلقہ ایسوسی ایشن ذمہ دار ہوگی جنرل آرڈر کے مطابق متعلقہ لوکل رجسٹریشن آفس مینوفیکچرر کے معاملات میں سیلز ٹیکس رولز 2006 کے رول 5(5) کے تحت تین ورکنگ دنوں کے اندر پری فزیکل ویری فکیشن کرے گا، تصدیق کا نتیجہ الیکٹرانک طور پر ریکارڈ کیا جائے گا اور اس کے بعد درخواست پر بلاوجہ تاخیر کے بغیر کارروائی کی جائے گی ایف بی آر نے واضح کیا ہے کہ سیلز ٹیکس رجس